آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL Quetta
MEMBER OF APNS & CPNE
www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز اتوار 30 اگست 2020ء بمطابق 10 محرم الحرم 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 235

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	6:20
ظہر	1:35
عصر	5:00
مغرب	غروب آفتاب (06:25)
عشاء	8:30

اہل تشیع		
	فجر صبح	6:00
	ظہر	1:00
	مغرب	08:00

یوم عاشور فرقہ واریت اور تعصب کو بالائے طاق رکھتے ہوئے منائیں گے، وزیراعظم

ہمیں باہمی نفاق، فرقہ واریت اور مذہبی منافرت کو بالائے طاق رکھ کر ملکی ترقی اور خوشحالی کیلئے مل کر کام کرنا چاہیے، محرم الحرام ہمیں وہ جذبہ صادق عطا کرتا ہے جس کی بدولت ہم بڑی سے بڑی آزمائش کا مقابلہ کر سکتے ہیں

سنت امام حسینؓ کو زندہ رکھا اور کربلا کی طرح کشمیر کو بھی معرکہ حق و باطل کی ایک عظیم مثال بنا دیا ہے، ہمیں بھارتی غیر قانونی مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی سامراج سے برسرپیکار عوام کی قربانیوں کو بھی خراج تحسین پیش کرنا چاہیے

امید ہے عوام کورونا وائرس سے محفوظ ماحول میں یوم عاشور عقیدت و احترام کے ساتھ، فرقہ واریت اور تعصب کو بالائے طاق رکھتے ہوئے منائیں گے اور امن و امان کو بھی یقینی بنائیں گے، عارف علوی اور عمران خان کا یوم عاشور پر پیغام

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت عارف علوی اور وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ محرم الحرام ہمیں وہ جذبہ صادق عطا کرتا ہے جس کی بدولت ہم بڑی سے بڑی آزمائش کا مقابلہ کر سکتے ہیں، ہمیں باہمی نفاق، فرقہ واریت اور مذہبی منافرت کو بالائے طاق رکھ کر ملکی ترقی اور خوشحالی کیلئے مل کر کام کرنا چاہیے، ہمیں بھارتی غیر قانونی مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی سامراج سے برسرپیکار عوام کی قربانیوں کو بھی خراج تحسین پیش کرنا چاہیے جنہوں نے حق پر قائم رہتے ہوئے سنت امام حسینؓ کو زندہ رکھا اور کربلا کی طرح کشمیر کو بھی معرکہ حق و باطل کی ایک عظیم مثال بنا دیا ہے، امید ہے عوام کورونا

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان محکمہ مواصلات و تعمیرات، محکمہ کھیل اور پی سی ڈی اے کے ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس

ترقیاتی منصوبوں کو ترجیحاتی بنیاد پر فنڈز کے اجرا کا فیصلہ

سرد علاقوں کے نئے اور جاری ترقیاتی منصوبوں کو ترجیحاتی بنیاد پر فنڈز کے اجرا کا فیصلہ کیا گیا ہے اس اقدام کا مقصد ان علاقوں میں موسم سرما کے سلیک سیزن سے قبل ترقیاتی منصوبوں پر زیادہ سے زیادہ کام مکمل کرنا ہے جس سے وقت کی بچت ہوگی

صوبے کی طویل ساحلی پٹی پر پہلی مرتبہ سیاحتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے ترقیاتی منصوبے بنائے جا رہے ہیں جنکی تکمیل سے صوبے کے ساحلی مقامات مقامی اور غیر ملکی سیاحوں کی توجہ حاصل کر سکیں گے

محکمہ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ اور محکمہ مواصلات و تعمیرات کو نئے ترقیاتی منصوبوں کی منظوری کے فورمز کے اجلاس باقاعدگی کے ساتھ منعقد کرتے ہوئے اس سال ستمبر کے اواخر تک نئے منصوبوں کی ابتداء کا رواں مکمل کرنے اور اکتوبر سے باقاعدہ طور پر کام کے آغاز کی ہدایت کی

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی زیر صدارت گزشتہ روز منعقدہ ایک اعلیٰ سطحی اجلاس میں محکمہ مواصلات و تعمیرات محکمہ کھیل اور بلوچستان کوسٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے سرد علاقوں کے نئے اور جاری ترقیاتی منصوبوں کو ترجیحاتی بنیاد پر فنڈز کے اجرا کا فیصلہ کیا گیا ہے اس اقدام کا مقصد ان علاقوں میں موسم سرما کے سلیک سیزن سے قبل ترقیاتی منصوبوں پر زیادہ سے زیادہ کام مکمل کرنا ہے جس سے وقت کی بچت ہوگی اور منصوبے تاخیر کا شکار نہیں ہوں گے وزیراعلیٰ نے دوران اجلاس ترقیاتی منصوبوں کی منظوری اتھارائزیشن اور فنڈز کے اجرا کے مراحل میں سست روی کو دور کرنے کے لیے محکمہ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ اور محکمہ مواصلات و تعمیرات کو نئے ترقیاتی

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر یوم عاشورہ کے اقدامات کے حوالے سے میڈیا کو بریفنگ دے رہے ہیں

کورونا وائرس مزید ایک فرد جان کی بازی ہار گیا 319 نئے کیسز رپورٹ

پاکستان میں کورونا وائرس کے کیسز کا گراف مسلسل نیچے آ رہا ہے، خطرہ ابھی ٹلا نہیں، حکام

اسلام آباد (این این آئی) گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں کورونا وائرس سے مزید ایک فرد جان کی بازی ہار گیا جب کہ 319 نئے کیسز رپورٹ ہوئے۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کے مطابق ملک بھر میں کورونا کیسز کی تعداد 2 لاکھ 95 ہزار 372 ہے اور 6

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

کراچی کے مسائل پر وفاقی اور صوبائی حکومت کا تعاون مثبت پیشرفت ہے: صدر مملکت

پینے کے پانی کی فراہمی، نکاسی آب اور دیگر مسائل کو مل کر حل کرنا اہمیت کا حامل ہے، عارف علوی کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ کراچی کے مسائل پر وفاقی اور صوبائی حکومت کا تعاون مثبت پیش رفت ہے، کراچی اور سندھ کے دیگر علاقوں کو تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ پینے کے پانی کی فراہمی، نکاسی آب اور دیگر مسائل کو مل کر حل کرنا

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

وفاق اور صوبائی حکومت کراچی کے تین بڑے مسائل کے حل پر کام کرے گی، وزیراعظم

کراچی میں نالوں کی صفائی اور نکاسی آب کے مسئلے کا مستقل حل نکالیں گے، کراچی کے عوام کو پینے کے پانی کی فراہمی کا مسئلہ بھی حل کریں گے، عمران خان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ وفاق اور صوبائی حکومت کراچی کے تین بڑے مسائل کے حل پر کام کرے گی، کراچی میں نالوں کی صفائی اور نکاسی آب کے مسئلے کا مستقل حل نکالیں گے، کراچی کے عوام کو پینے کے پانی کی فراہمی کا مسئلہ بھی

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

عاصم سلیم باجوہ نے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں قومی جذبات کی ترجمانی کرتے ہوئے بہترین بیانیہ تشکیل دیا، شہباز گل

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی ڈاکٹر شہباز گل نے کہا ہے کہ لیفٹیننٹ جنرل (ر) عاصم سلیم باجوہ نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قومی جذبات کی ترجمانی کرتے ہوئے بہترین بیانیہ تشکیل دیا اور مشکل ترین حالات میں اس بیانیے کی ترویج کی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ اب عاصم

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

آئندہ 15 روز تک کے لیے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 8 سے 9 روپے فی لیٹر تک اضافے کا امکان

کراچی (این این آئی) پیٹرول اور ڈیزل پر عائد محصول میں اضافے کے بعد آئندہ 15 روز تک کے لیے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 8 سے 9 روپے فی لیٹر تک اضافے کا امکان ہے۔ آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) کے مطابق نظرثانی شدہ فارمولے کی بنیاد پر تیل کی قیمتوں پر کام مکمل کر لیا ہے جس کے تحت

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

ویرلوئز امیر جماعت اسلامی سینیٹر سراج الحق مہمر گروہ میں ورکرز کنونشن اور القدس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

کراچی میں انتظامیہ نے اپنی تجوریاں بھریں اور شہر کو اس کے حال پر چھوڑ دیا، وزیر خارجہ

ماہرین کورونا وائرس کنٹرول کرنے پر پاکستان کی کیس اسٹڈی کرنا چاہتے ہیں، کورونا کا خطرہ ابھی ٹلا نہیں ہمیں احتیاط کرنا ہوگی

مقبوضہ کشمیر کے عوام نے بتا دیا اب ان کی منزل جبر سے آزادی ہے، شاہ محمود قریشی کا تقریب سے خطاب

ملتان (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ کراچی میں انتظامیہ نے اپنی تجوریاں بھریں اور شہر کو اس کے حال پر چھوڑ دیا، مقبوضہ کشمیر کے عوام نے بتا دیا اب ان کی منزل جبر سے آزادی ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شاہ محمود قریشی نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر کے عوام نے بتا دیا اب ان کی منزل جبر سے آزادی ہے، بھارت نے جس طرح کشمیریوں کی آواز دبائی وہ پوری دنیا نے دیکھا، مقبوضہ کشمیر میں بلیک آؤٹ مسلسل جاری ہے۔ انہوں نے کہا

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

ڈی آئی خان قومی شاہراہ پر ٹریفک حادثہ ایک شخص جاں بحق ایک زخمی

شیرانی (این این آئی) ڈی آئی خان قومی شاہراہ پر ٹریفک حادثہ ایک شخص جاں بحق ایک زخمی لویج کے

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

کوہلو میں لیویز فورس کی معاونہ کے علاقے میں کارروائی، بھاری تعداد میں بھارتی ساختہ اسلحہ برآمد

کوہلو (این این آئی) کوہلو لیویز نے معاونہ کے علاقے تحی میں حساس ادارے کی اطلاع پر کارروائی

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

حکومت بلوچستان کی درخواست پر صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں موبائل فون سروس نفتے کے روز بند رہی

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان کی درخواست پر صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں موبائل فون

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

لورالائی کے علاقے میں دو مختلف واقعات میں ایک خاتون جاں بحق دو افراد زخمی

لورالائی (این این آئی) لورالائی کے علاقے میں دو مختلف واقعات میں ایک خاتون جاں بحق دو افراد زخمی

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

کراچی: پاک فوج نے متاثرین کو خوراک اور طبی امداد کی فراہمی کیلئے ایکسپو سینٹر میں ریلیف کیمپ قائم کر دیا

کراچی (این این آئی) کراچی میں بارش کے بعد پاک فوج نے متاثرین کو خوراک اور طبی امداد کی فراہمی

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

کراچی: دودھ فروش نے خراب دودھ کا شربت بنا کر بانٹ دیا، 43 افراد کی حالت غیر، 28 بچے شامل

کراچی (این این آئی) گاڑی کھاتا میں دودھ کی دکان کے مالک نے خراب دودھ ضائع کرنے کے

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

ملک بھر میں ٹڈی دل کو 61 میں سے صرف 2 اضلاع تک محدود کر دیا گیا، انسداد ٹڈی دل کنٹرول سنٹر

لاہور (این این آئی) انسداد ٹڈی دل کنٹرول سنٹر نے کہا ہے کہ ملک بھر میں ٹڈی دل کو 61 اضلاع میں

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

سیلاب اور طوفانی بارشوں سے نقصانات کی اطلاعات پہلے سے موجود تھیں، حکومت نے کیا تیاری کی؟ شہباز شریف

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر و قائد حزب اختلاف محمد شہباز شریف نے

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

ملک بھر میں یوم عاشور آج مذہبی عقیدت و احترام سے منایا جائیگا

دسویں محرم کے مرکزی جلوسوں کے اختتام پر شام غریباں برپا کی جائیں گی، مختلف مذہبی جماعتیں بھی سیمینارز کا انعقاد کریں گے

سرکاری ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ، وفاقی، صوبائی حکومتوں کی طرف سے فول پروف سکیورٹی انتظامات، کنٹرول رومز سے مانیٹرنگ جاری

حضرت امام حسینؓ کی عظیم قربانیوں سے ہمیں زندگی کے ہر شعبے میں رہنمائی ملتی ہے، چیئرمین سینٹ

استقامت حق کا حصول ہی وہ مشن ہے جس کے لئے کسی بھی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کیا جا سکتا، صادق سنجرانی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے یوم عاشورہ کے موقع پر قوم کے نام پیغام میں کہا ہے کہ یوم عاشورہ کا دن ہمیں اس عظیم قربانی کی یاد دلاتا ہے جو نواسہ رسول حضرت امام حسینؓ اور ان کے ساتھیوں نے دین کی حفاظت و حرمت کے لئے پیش

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

کفر کی قوتوں کے مقابلے کیلئے ہمیں مکمل اتحاد برقرار رکھنا ہوگا، جام کمال

حضرت امام حسینؓ اور انکے ساتھیوں نے عددی تعداد میں کم ہونے کے باوجود یزید کی طاقت کے سامنے سرنگوں ہونے سے انکار کیا

عاشورہ محرم کے جلوسوں میں شرکاء زیادہ محتاط رہتے ہوئے ماسک کا استعمال ضرور کریں، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ نواسہ رسول حضرت امام حسینؓ ان کے خاندان اور رفقاء کار کی دین اسلام کی بقاء اور سربلندی کیلئے دی جانے والی قربانیاں اسلام کا ایک روشن باب ہیں جنہیں رہتی دنیا تک فراموش نہیں کیا جا سکتا ہے ان قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ ہم اپنے اندر ایثار، قربانی، تحمل اور برداشت کا جذبہ پیدا کرتے ہوئے فرقہ وارانہ ہم آہنگی، بھائی چارے اور یکجہتی کے جذبات کو فروغ دیں اور اپنے قول و عمل سے خود کو بہترین مسلمان ثابت کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عاشورہ محرم کے موقع پر جاری کئے گئے اپنے ایک پیغام میں کیا، وزیراعلیٰ نے کہا کہ حضرت امام حسینؓ اور ان کے ساتھیوں نے عددی تعداد میں کم ہونے کے باوجود یزید کی طاقت کے سامنے سرنگوں ہونے سے انکار کیا اور حق کی راہ میں جان دینے کو ترجیح دی، یہ حق و باطل کی جنگ تھی جس میں فتح حق کی ہوئی شہدائے کربلا کی قربانیوں کے نتیجے میں دین اسلام

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

شہدائے کربلا کے جذبہ ایثار، قربانی اور غیر متزلزل ارادے پر عمل پیرا ہو کر تمام مشکلوں پر قابو پایا جا سکتا ہے، سپیکر قومی اسمبلی

حضرت امام حسینؓ اور ان کے ساتھی قرآنی تعلیمات، برداشت، قربانی اور جذبہ شہادت کی ایک لازوال مثال ہیں، اسد قیصر

واقعہ کربلا ہمیں یہ سبق دیتا ہے کہ ملک و قوم پر جب بھی مشکل وقت آن پڑے تو کسی بھی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کرنا چاہیے، قاسم سوری

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر اور ڈپٹی سپیکر قاسم خان سوری نے یوم عاشور کے موقع پر قوم کے نام اپنے پیغامات میں کہا ہے کہ واقعہ کربلا اللہ تعالیٰ اور یوم آخرت پر غیر متزلزل ایمان، بے مثال تقویٰ، بہادری، اللہ کی راہ میں صبر اور قرآن مجید

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

مون سون بارشیں: وفاقی اور سندھ حکومت متاثرین کیلئے امداد کا اعلان کرے، بلاول بھٹو زرداری

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں بارشوں کے دوران اپنے پیاروں کو کھونے والوں اور متاثرین کے لئے معاوضے اور مالی

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

دسویں محرم کا اسلام کی تاریخ میں نہایت اہمیت کا حامل ہے

گورنر بلوچستان

یہ دن ہمیں اس عظیم قربانی کی یاد دلاتا ہے جو حضرت امام حسین علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں نے دین مبین اسلام کی عظمت اور حق کی سربلندی کیلئے پیش کی

اس موقع پر تمام مسلمانوں کو یہ عہد کرنا چاہیے کہ وہ ایک ملت واحدہ کی طرح متحد ہو کر اپنے فروعی اختلافات کو پس پشت ڈال کر دین مبین کے تحفظ اور اسلام کی ترقی کیلئے کام کریں گے، امان اللہ خان یاسین زئی

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے عاشورہ محرم کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ دسویں محرم کا دن اسلام کی تاریخ میں نہایت اہمیت کا حامل ہے، یہ دن ہمیں اس عظیم قربانی کی یاد دلاتا ہے جو حضرت امام حسین علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں نے دین مبین اسلام کی عظمت اور حق کی سربلندی کیلئے پیش کی، انہوں نے کہا کہ یہ نواسہ رسولؐ کا یہ پیغام عزم بلند پر حریت اور صبر و استقامت تھا جس نے یہ جرات بخشی جس کی وجہ سے انہوں نے باطل قوتوں کے سامنے سر جھکانے کی بجائے سر کٹانے کو ترجیح دی اور ہمیشہ ہمیشہ کیلئے اسلام کے پرچم کو سربلند کر دیا، گورنر یاسین زئی نے کہا کہ یہ موقع ہمیں یہ احساس دلاتا ہے کہ ہم حضرت امام حسین کی تعالیم کی ہوئی مثال سے نہ صرف سبق حاصل کریں بلکہ اس کو سمجھ کر اس پر صدق دل سے عمل بھی کریں، اس موقع پر تمام مسلمانوں کو یہ عہد کرنا چاہیے کہ وہ ایک ملت واحدہ کی طرح متحد ہو کر اپنے فروعی اختلافات کو پس پشت ڈال کر دین مبین کے تحفظ

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

حالات کیسے بھی ہوں مگر ظلم کے سامنے استقامت سے کھڑا رہے یہی اسوہ حسینی ہے، احسن اقبال

اگر پتھر پگھل جائے کہ ہم نے اپنے وطن کی حرمت پر کٹ مرنا ہے تو کوئی امت مسلمہ پر غاصب، ظالم اور بدکردار حکمران مسلط نہیں ہو سکتے

مسلم لیگ (ن) کے زیر اہتمام مرکزی سیکرٹریٹ میں "غم حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ" کانفرنس کا انعقاد، پارٹی رہنماؤں، علماء کرام کی شرکت

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے زیر اہتمام پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ ماڈل ٹاؤن میں "غم حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ" کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس میں سیکرٹری جنرل احسن اقبال، سردار ایاز صادق، عطاء اللہ تارڑ، پرویز ملک، شائستہ پرویز، آصف کرمانی

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

محرم الحرام ہمیں صبر و برداشت اور حق بات پر ڈٹ جانے کا درس دیتا ہے، غلام سرور خان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے ہوابازی غلام سرور خان نے کہا ہے کہ محرم الحرام ہمیں صبر و برداشت اور حق بات پر ڈٹ جانے کا درس دیتا ہے، اس مقدس ماہ کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے اس دن کو

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

یوم عاشور کے موقع پر ملک کے تمام چھوٹے بڑے شہروں، قصبوں میں ذوالجناح اور تعزیے کے جلوس برآمد ہوں گے، مرکزی امام بارگاہوں سے نوحیں اور دسویں محرم کی درمیانی شب برآمد ہونے والے مرکزی اپنے روایتی راستوں سے ہوتے ہوئے اپنی منزل مقصود پر پہنچ کر

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

پاکستان کے دوست ممالک اپنے تنازعات اور اختلافات کی لڑائی پاکستان کی سرزمین پر لڑنا چاہتے ہیں، حافظ حسین احمد

پاکستان کی سرزمین پر فرقہ واریت کی آگ لگانے کے لیے بعض ممالک نے چند ماہ قبل دہشتگرد عناصر کو اس کام کیلئے خرید رکھا ہے، رضا اجمعت علماء اسلام

کوئٹہ/کراچی (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی ترجمان اور سابق پارلیمنٹرین حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ پاکستان کے دو دوست ممالک اپنے تنازعات اور اختلافات کی لڑائی پاکستان کی سرزمین پر لڑنا چاہتے ہیں اور اس کے لئے دونوں ممالک نے چند

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

لاہور: نویں محرم الحرام کے مرکزی جلوس میں شریک عزادار ماتم کر رہے ہیں

بلوچستان کے مختلف علاقوں میں سیلاب کی وجہ سے کئی مکانات منہدم، مال مویشی ہلاک ہوئے ہیں، جمال شاہ کاکڑ

پی ڈی ایم اے سمیت دیگر متعلقہ ادارے فوری طور پر ریلیف اینڈ ریسکیو آپریشن شروع کریں، سابق اسپیکر

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے مختلف علاقوں میں سیلاب کی

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

نوجوان ملک کا قیمتی سرمایہ ان کا مستقبل محفوظ بنائیں گے، نور محمد دمڑ

طلباء میں لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کا مقصد جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے طلباء میں سیکھنے کی استعداد کو بہتر بنانا ہے

نوجوان قوم کا سرمایہ ہیں، ملک کی تعمیر و ترقی میں ان کا کلیدی کردار ہے، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا

ہرنائی (این این آئی) بی اے پی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ نوجوان قوم کا سرمایہ ہیں ملک کی تعمیر و ترقی میں ان کا کلیدی کردار ہے نوجوان طلباء میں لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کا مقصد جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے ان میں سیکھنے

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

عوام کو دو سال میں مہنگائی، بے روزگاری کے سوا کچھ نہیں ملا، مولانا واسع

موجودہ نااہل حکومت کے خلاف تمام اپوزیشن کا ایک پلیٹ فارم پر متحد ہونا ملک و قوم کے مفاد میں ہے

مملکت پاکستان کو بچانے کیلئے کٹھ پتلی حکومت کا بوریہ بستر گول کرنا وقت کا تقاضا ہے، رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر و رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ مملکت پاکستان کو بچانے کیلئے کٹھ پتلی حکومت کا بوریہ بستر گول کرنا وقت کا تقاضا ہے، حکمرانوں نے اپنے دو سالہ دور اقتدار میں عوام کو ذلت رسوائی، معیشت کی

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر





روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

30 اگست 2020ء

وزیراعلیٰ ہاؤس کے باہر دھرنا

تحریک بحالی بولان میڈیکل کالج نے ایک بار پھر 3 ستمبر 2020 کو کوئٹہ پریس کلب سے ریلی نکالنے اور وزیراعلیٰ ہاؤس کے سامنے دھرنا دینے کا اعلان کیا ہے۔ بولان میڈیکل کالج کو ایک مہم ایکٹ کے ذریعہ بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسیز میں ختم کرنے کے خلاف یہ تحریک ایک عرصہ سے جاری ہے جس میں بی ایم سی کے ملازمین طلبہ اور ڈاکٹرز شامل ہیں۔ ابتدائی مرحلے میں ان لوگوں نے انتظامیہ کے ساتھ بات چیت کے ذریعہ مسئلہ کو حل کرنے کا کوشش کی لیکن وائس چانسلر اور رجسٹرار کی انا پرستی اور غیر لچکدار رویے کے باعث انھیں مجبوراً احتجاج کی راہ اختیار کرنا پڑی۔ مہینوں ان کا احتجاجی کیمپ بی ایم سی کے باہر جاری رہا لیکن انتظامیہ نے کوئی توجہ نہ دی۔ بالآخر مجبور ہو کر انھوں نے صوبائی اسمبلی کے باہر دھرنا دیا کیوں ایکٹ میں تبدیلی اراکین اسمبلی ہی کر سکتے ہیں۔ یہاں انتظامیہ نے ان پر امن لوگوں پر قوت کا بے رائج استعمال کیا، ان کی گرفتاریاں عمل میں لائی گئیں۔ بعد ازاں اپوزیشن اراکین اور بعض وزراء کی مداخلت پر ان کے ساتھ بات چیت ہوئی اور طے پایا کہ ان کے مسئلہ کو حل کیا جائے گا۔ انتظامیہ نے اس مقصد کے 40 دن کا وقت مانگا اور ملازمین طلبہ اور ڈاکٹروں پر مشتمل ایکشن کمیٹی نے اس سے اتفاق کرتے ہوئے اپنا احتجاج موخر کر دیا اور بی ایم سی کے باہر اپنا احتجاجی کیمپ جاری رکھا۔ اس چالیس دن کے دوران انتظامیہ نہ صرف انتقامی کارروائیاں کیں۔ ملازمین کی تنخواہیں بند کی گئیں متعدد افراد کو ملازمت سے معطل کر دیا۔ صوبائی اسمبلی کے اجلاس کے دوران ایک بار پھر اسمبلی کے باہر دھرنا دیا گیا۔ اپوزیشن رہنماؤں نے ایک بار پھر انھیں حمایت کی یقین دہانی کرائی۔ اور بالآخر معاملات طے پائے۔ ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت نے ان کے مسائل حل کرنے کی ضمانت دی۔ خود وزیر علیٰ نے بھی بی ایم سی کے وفد کو مسئلہ کو حل کرنے کا یقین دلایا۔ متعلقہ ایکٹ میں ترمیم کیلئے کمیٹی نے سفارش مرتب کی جیسے کابینہ میں پیش کیا جانا تھا۔ لیکن اب وائس چانسلر اپنے تعلقات کی بنا پر اسے کابینہ کے ایجنڈے میں شامل نہیں ہونے دے رہے۔ اب تحریک بحالی بی ایم سی کے قائدین نے 3 ستمبر کو فیصلہ کن دھرنا دینے کا اعلان کیا ہے۔ جس میں دیگر ملازمین اور محنت کش تنظیمیں ان کی حمایت کر رہی ہیں۔ صوبائی حکومت کو معاملے کی سنگینی کو سمجھنے اور مسئلہ کو حل کرنے کی ضرورت ہے۔

جنتی نوجوانوں کے سردار

رانا اعجاز حسین چوہان

روز ازل سے ہی اللہ تبارک وتعالیٰ کا ضابطہ رہا ہے کہ محبوبان الٰہی کو امتحان اور آزمائش کی سخت ترین منزلوں سے گزرنا پڑتا ہے، اور جاں نثاری تسلیم ورضا کا مظاہرہ کرنا پڑتا ہے۔ اور پھر کبھی اپنی قربانی دینے والے کو ذبیح اللہ کا لقب ملتا ہے تو کبھی باطل کے سامنے کلمہ حق بلند کرتے ہوئے شہادت کے عظیم رتبے پر فائز ہونے والے کو جنتی نوجوانوں کی سرداری ملتی ہے۔ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت نے ہمارے ضمیروں کو بیدار کیا، دلوں کو بدلا، ذہنی انقلاب کی راہیں ہموار کیں اور انسانی اقدار کی اہمیت کو متعارف کروایا ہے۔

حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ولادت ہوئی تو اس خوشخبری کو سن کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے، حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو گود میں لیا، داہنے کان میں اذان اور بائیں میں اقامت کہی اور اپنی زبان منہ میں دی، پیغمبر علیہ السلام کا مقدس لعاب دہن حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ کی غذا بنا، ساتویں دن عقیقہ کیا گیا۔ آپ کی پیدائش سے خاندان میں انتہائی خوشی اور مسرت محسوس کی جاتی تھی۔ خاتم النبیین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اپنے دونوں نواسوں کیساتھ انتہائی محبت فرماتے، کبھی سینہ پر بیٹھاتے، کبھی کاندھوں پر چڑھاتے، نماز میں سجدہ کی حالت میں حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ پشت مبارک پر چڑھ جاتے تو سجدہ طویل کر دیتے یہاں تک کہ بچہ خود سے پشت پر سے علیحدہ ہو جاتا۔ اور جب حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ مسجد کے دروازے سے داخل ہوتے ہوئے زمین پر گر گئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ پڑھتے ہوئے اپنا خطبہ قطع کر دیا منبر سے اتر کر بچے کو زمین سے اٹھایا اور پھر منبر پر تشریف لائے اور مسلمانوں کو تاکید فرماتے ہوئے کہا دیکھو یہ حسین ہے اسے خوب پہچان لو اور ان سے محبت رکھو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "حسین مجھ سے اور میں حسین سے ہوں، جو شخص حضرت حسین سے محبت کرے اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ محبت فرمائے گا"۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ اہل بیت میں سے آپ کو سب سے زیادہ محبوب کون ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہ سے کہا کرتے تھے میرے بیٹوں کو میرے پاس لے آؤ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کو سینے سے لگا لیتے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حسن ابن علی رضی اللہ عنہ کو کندھے پر اٹھایا ہوا تھا کہ ایک شخص نے کہا "کیا ہی اچھی سواری ہے، جس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ "سوار کتنا اچھا ہے"۔

مگر جب آنے والے حالات کا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو علم ہوا تو آپ کی آنکھوں سے آنسو برس پڑے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے پاس جبرائیل امین آئے اور مجھے بتایا کہ میری امت میرے اس بیٹے کو قتل کر دے گی، جبرائیل اس جگہ کی سرخ مٹی بھی میرے پاس لائے جہاں اسے قتل کیا جائے گا۔ اور پھر جب اسلامی خلافت کے بعد بادشاہت کا دور آیا تو حضرت سیدنا امیر معاویہ کے فرزند نے اپنے عظیم والد گرامی کے مشن سے باغی ہو کر اسلامی حکومت کو قیصر وکسریٰ کی طرز پر ملوکیت سے بدلنا چاہا اور اس پر امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بیعت چاہی، یہی وہ موڑ ہے جو تاریخ اسلامی میں واقعہ کربلا کا سبب بنا۔ اسلامی نظام شریعت کے روشن چہرے کو یزید شہنشاہی کے زخم میں مسخ کرنا چاہتا تھا۔ جس دین کی اکملیت فخر موجودات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آمد کے ساتھ ہو گئی تھی۔ اسی دین کے اصول حرام وحلال میں یزید اپنے نفس کے فیصلے نافذ کرنا چاہتا تھا۔

اس کے سامنے دو نمونے تھے، اسلامی نظام حکومت کا نمونہ اور کسریٰ کے استبداد کا نمونہ۔ اس نے اسلامی نظام حکومت کا نمونہ نہیں اپنایا بلکہ اس نے کسریٰ کی آمریت کو نمونہ عمل بنایا۔ اسی کی تصدیق کیلئے اس نے نواسہ رسول حضرت حسین رضی اللہ عنہ کو مجبور کرنا چاہا، وہ چاہتا تھا کہ شراب وشباب کی اجازت دیدی جائے، زنا وسود کی اجازت دیدی جائے، اسلامی تعزیرات میں ردوترمیم کر دی جائے، شریعت کو طبیعت کے مطابق ڈھال لیا جائے اور ان سب کے باوجود امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیعت یزید کر کے یزیدی قوانین کو تسلیم کر لیں۔ معاملہ چونکہ اسلامی قوانین کی حفاظت کا تھا، یزید شریعت اسلامی میں تحریف چاہتا تھا، حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیعت کر لینا مثال بن جاتا، یزیدی فتنے پر مہر تصدیق ثبت کرنے کا ذریعہ بن جاتا، اسلام کا وہ روشن چہرہ باقی نہ رہتا جس کیلئے خاتم الانبیاء محمد صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تھے۔

حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مستقبل کیلئے ایک مثال قائم کر دی کہ یزید کی بیعت دراصل باطل کی توثیق ہے اس لئے آپ نے بیعت یزید سے صاف انکار کر کے دنیا کو صدق وفا کا وہ عظیم درس دیدیا کہ ہر باطل کے مقابل حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ حق کی علامت بن چکے ہیں۔ باطل چاہے اسلامی لبادے کے ساتھ آئے یا صیہونیت کی شکل میں، ایک مسلمان کیلئے سچے اسلامی احکام ہی کافی ہیں، انہیں کی پیروی میں اس کیلئے نجات ہے۔ اس دنیائے فانی میں اپنے مکر وفریب اور جبر وتشدد سے حاصل کی ہوئی قوت کے بل بوتے پر کسی کا بظاہر کامیاب نظر آنا اور اقتدار حاصل کر لینا، اصل کامیابی نہیں۔ بلکہ حقیقی اور دائمی کامیابی یہ ہے کہ انسان کو تخت ملے یا تختہ وہ دنیاوی جاہ وحشمت کے لئے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کا دامن ہرگز نہ چھوڑے۔ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اکثر فرمایا کرتے تھے کہ "بادشاہوں کی بدترین صفات یہ ہیں کہ دشمنوں سے ڈریں، بے سہارا اور ناداروں پر رحم نہ کریں اور عطا و بخشش کے وقت بخل سے کام لیں"۔ حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عظیم شہادت ہمیں یہ درس دیتی ہے کہ باطل کو ترک کر کے حق پر ڈٹا جائے۔

ہمیشہ دین حق کا علم بلند کیا جائے، چاہے اس کے لئے بڑی سے بڑی قربانی کیوں نہ دینی پڑے۔ اپنی اور اپنے عزیزوں کی جان راہ خدا میں نچھاور کر کے حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بتا دیا کہ جب بھی اسلام کے مقابل یزیدیت سر ابھارے میری شہادت سے درس لے کر استقلال کی تاریخ رقم کر لینا، باطل کے آگے سرنگوں نہ ہونا۔ جان دیدینا مگر یزیدیت کی اطاعت قبول مت کرنا۔ تاریخ انسانی میں ایسے خونی سانحہ کی مثال نہیں ملتی، جان دینا آسان نہیں، عزیزوں کو قربان کرنا بڑا مشکل کام ہے۔ یہ سب صرف اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اور دین حق کی سربلندی کیلئے امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قبول کیا۔ اور امت محمدیہ کو بتا دیا کہ خودداری یہ نہیں کہ اسلام سے جدا راہ قبول کر لی جائے، خودداری تو یہ ہے کہ راہ حق پر چلا جائے چاہے اس کیلئے اپنے لہو سے ہی چمن کی آبیاری کرنی پڑے۔ حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے لہو سے ایک درخشاں تاریخ لکھ دی ہے جس کی سرخی آج بھی ہویدا ہے۔

اک پل کی تھی بس حکومت یزید کی
صدیاں حسین کی ہیں زمانہ حسین کا

☆☆☆☆☆

لاک ڈاؤن کے انسانی صحت اور دماغ پر برے اثرات

فیض محمد حسنی!

کرونا وائرس نومبر 2019 میں چین کے شہر ووہان سے پھیلنا شروع ہو گیا۔ دیکھتے ہی دیکھتے پوری دنیا میں یہ وائرس پھیل گیا۔ ڈاکٹروں نے اس وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے دنیا کے تمام حکومتوں کو لاک ڈاؤن کا مشورہ دیا۔ نتیجتاً "پوری دنیا لاک ڈاؤن کی زد میں آ گئی۔ پاکستان میں بھی لاک ڈاؤن کر دیا گیا۔ جب سے کرونا وائرس دنیا میں پھیلنا شروع ہوا ہے۔ کوئی بھی چیز اپنی اصلی حالت برقرار نہ رکھ سکی۔ پوری دنیا اس اچھوت بیماری کی وجہ سے الٹ پلٹ ہو گئی۔ ابتدا میں حکومتوں نے سختی سے لوگوں کو ہدایت کی کہ وہ اپنے گھروں میں رہے۔ شروع میں لوگوں نے اسے آسان سمجھا جوں جوں وقت گزرتا گیا لاک ڈاؤن کے اثرات کو برداشت کرنا ان کے لیے ناممکن ہو گیا۔ سماجی فاصلہ نے لوگوں کو مالی طور پر کافی متاثر کیا۔ مالی نقصان کے علاوہ لاک ڈاؤن نے لوگوں کو ذہنی طور پر بھی کافی متاثر کیا اس کے اثرات لوگوں کے لئے ناقابل برداشت ہو گئے۔

لاک ڈاؤن کے ماحول میں لمبے عرصہ تک رہنا مشکل ہو گیا۔ خاص طور ہر بچے اپنے اسکول اور دوستوں سے نہ ملنے کی وجہ سے زیادہ وقت سوشل میڈیا پر گزارنے لگے۔ چونکہ سوشل میڈیا پر ہر طرف اس وائرس کی خبر تھی اور بلاکتوں کی کہانیاں پھیل رہی تھی۔ جس کی وجہ سے وہ ذہنی طور پر بہت متاثر ہوئے پوری دنیا میں تشویش اور پریشانی کی علامتیں ظاہر ہونا شروع ہو گئی۔ ابتدائی علامتیں لوگوں کو مختلف طریقوں سے متاثر کرنا شروع کیا۔

آیئے دیکھتے ہیں اس سے انسانی ذہن کیسے متاثر ہوئے۔ نوجوان پہلے سے جذباتی ہونے کے لئے مشہور ہیں لاک ڈاؤن ان پر انتہائی سخت گزرا۔ جذبات اور کسی چیز کے بارے میں زیادہ سوچنا انسان کی زندگی کو مشکل میں ڈالتی ہے۔ گھر پر رہنا اور سماجی فاصلہ رکھنا انسان کو بری سوچ کے لیے زیادہ وقت مہیا کرتا ہے۔

خوف!

ہر کوئی اپنے عزیز یا خود اس وائرس میں مبتلا ہونے کے خوف میں رہتا ہے۔ ہمیں یہ معلوم ہونی چاہیے کہ ہم اس وباء میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔ مگر پریشان ہونا اور خوف میں مبتلا رہنا کسی چیز کا حل نہیں ہے۔ خوف اور پریشانی ہمیں ذہنی اور جسمانی بیماریوں میں مبتلا کر دیتی ہے۔ ہمیں اللہ پہ یقین رکھنا چاہیے اور اپنی صحت کے لئے دعا کرنی چاہیے۔

سوشل میڈیا اور۔ نیوز چینلز ڈپریشن کے سبب۔

جب سے یہ وباء پھیلی ہے نیوز چینلز اور سوشل میڈیا پر چوبیس گھنٹہ اس وباء کی خبر چلتی رہتی ہے۔ اگر ہم نیوز چینلز اور ٹاک شوز سے بچنے کی کوشش کریں۔ تاہم ہمیں اہم واقعات کے بارے میں باخبر رہنا ہوتا ہے جو ہماری بنیادی ضرورت ہے۔

سوشل میڈیا پر ہر ہم جو خبر چلاتے ہیں اس بات کو یقینی بنائیں کہ وہ خبر جعلی نہیں ہے۔ اس لیے ہمیں مستند خبروں اور ویب سائیٹس کو چیک کرنا چاہیے۔ جب بھی ہم کوئی پریشان کن خبر سنیں ہمیں پہلے خود فرد نہیں ہونا چاہیے۔ پہلے ہم اس خبر کی تصدیق کریں اسے مثبت تناظر میں دیکھیں۔ منفی سوچ کو اپنے دماغ میں آنے نہ دے۔

اور مزید ہمیں اپنی ذہنی صحت سے غفلت نہیں برتنی چاہیے۔ کیونکہ ایک بار پھر وطن عزیز میں اس وائرس کے پھیلنے کی خبریں ہیں۔ ہمیں چاہیے اپنی صحت اور دوسرے لوگوں کی صحت کی خاطر احتیاط کریں تاکہ مزید کسی لاک ڈاؤن جیسی مشکل سے بچ سکے حکومتی ایس او پیز SOPs پر مکمل عمل کریں۔ کچھ وقت کے لیے سماجی فاصلہ رکھیں تاکہ وطن عزیز سے اس مرض کا مکمل خاتمہ ہو۔

☆☆☆☆☆

اے کراچی جماعت اسلامی کے علاوہ تیرا کوئی نہیں

میر افسر امان

اس دفعہ کی مون سون بارش نے تو واقعی کراچی کو تباہ کر دیا۔ جماعت اسلامی کراچی کے امیر انجینئر حافظ نعیم صاحب نے صحیح مطالبہ کیا ہے کہ کراچی کو فوراً فوج کے حوالے کیا جائے۔ بلدیاتی اداروں نے اپنی ذمہ داریاں نہیں نبھائیں۔ ندی نالوں کی صفائی نہیں کی۔ جس وجہ سے اتنے زیادہ نقصانات ہوئے۔ لیکن سارے کراچی والے جانتے ہیں کہ کراچی، حیدر آباد، سندھ کی شہری آبادی جہاں مہاجروں کی آبادی زیادہ ہے اس کو تباہ کرنے والے ان ہی میں سے ہیں۔

کراچی حیدر آباد والوں نے ہی ان کو منتخب کیا ہے۔ کیا کراچی کی چار میونسپل کمیٹیوں کے سربراہ اور کراچی میٹروپولیٹن کے میئر وسیم اختر نام کے شخص نہیں ہیں۔ یہ شخص غدار وطن الطاف حسین کا ساتھی ہے۔ الطاف حسین ملک کے سارے منتخب اداروں نے بیک وقت غدار وطن کہا۔ ان پر آئین پاکستان کے دفعہ ۶ کے مطابق غداری کا مقدمہ چلانے کی قراردادیں پیش کی تھیں۔ وسیم اختر وہی شخص جس نے رینجرز کو توڑی دی تھی کہ الطاف کے مظہر بھیجے اگر اٹھ کھڑے ہوئے تو تمھاری خیر نہیں۔ یہ وہی شخص نے جس مئی میں چیف جسٹس کے دورے کے دوران کراچی بندرگاہ سے کنٹینر لا کر سارے کراچی کے راستے بند کیے تھے۔ کراچی کو تباہ کرنے ایم کیو ایم اور پیپلز پارٹی والے پچھلے ۳۲ سال سے کراچی پر حکمران ہیں۔ وسیم اختر اب اپنے لیڈر کی طرح مگر مچھ کے آنسو بہا کر اپنے جان چھوڑانا چاہتے ہیں۔

کراچی والو! یاد رکھو بھارت نے غدار وطن الطاف حسین کو مہاجروں کو رائے راست سے ہٹا کر مصنوعی قومیت کے راستے پر ڈالا۔ حقوق یا موت کا نعرہ دیا۔ وی سی آر اور ٹی وی فروخت کر کے اسلحہ خریدنے کی ہدایات دیں۔ قانون کی حد یہاں تک حد عبور کر کے کارکنوں کو کہا کہ کافلن کے میدان میں جا کر اسلحہ چلانے کی تربیت حاصل کرو۔ اپنے خاص کارکنوں کو بھارت بھیج کر دہشت گردی کے تربیت دلائی۔ بالآخر کراچی پریس کلب کے سامنے بیٹھے احتجاجی لوگوں سے تقریر کے دوران حکم دیا کہ میڈیا کے دفتر پر حملہ کر دو۔ جی بھائی جی بھائی کی گردان پڑھنے والے کارکنوں نے ایسا ہی کیا۔ اب قانون کے شکنجے میں پھنسے ہوئے ہیں۔ الطاف حسین نے پاکستان کو ناسور کہا۔ پاکستان کو توڑنے کے لیے بھارت امریکا اور اسرائیل سے مدد مانگی۔ پھر ملک کی حفاظت کرنے والی رینجرز نے ایم کیو ایم کے لیڈروں کو گرفتار کیا۔ ایک رات رینجرز کے دفتر میں گزارنے والے صبح کو الطاف حسین کے باغی ہو گئے۔ اور الطاف حسین پر غداری کا کیس بنانے کے لیے قراردادیں پاس کیں۔ اب مقاقات عمل کے تحت نصف درجن حصوں میں بٹے ہوئے ہیں۔ لیکن یہ سب الطاف حسین کی باقیات ہیں۔ یہ کراچی کو کبھی بھی سکھ کا سانس نصیب ہونے دیں گے۔ یہ ابھی بھی الطاف کے گن گاتے ہیں۔

ہم کراچی والوں کو خبردار کرنا چاہتے ہیں کہ کراچی کو ڈسٹرب رکھنا بھارت کا ایجنڈا ہے۔ جسکی تکمیل کے لیے الطاف حسین کو لگایا گیا ہے۔ الطاف حسین نے اس کام کے لیے مہاجروں کو استعمال کرنے کا بیڑا اٹھایا ہے۔ الطاف حسین نے دہلی میں کہا تھا کہ پاکستان بننا تاریخی غلطی ہے۔ اس تاریخی غلطی کو صحیح ثابت کرنے کے لیے بھارت کے ماسٹر پلان کے تحت کراچی کے لوگوں کو پریشان کرنا ہے۔ تاکہ وہ پاکستان کے خلاف ہو جائیں اور کہیں کہ ہمارے آباؤ اجداد نے پاکستان کر تاریخ غلطی کی تھی۔

دوسری طرف پیپلز پارٹی جس کا دوسرا نام کرپشن ہے۔ زرداری صاحب پہلے ۹ سال جیل میں کرپشن کے کیسز میں گزارے۔ اس کے لوگوں نے کرپشن کا ریکارڈ جلا دیا۔ نیب نے میگا کرپشن کا کیس یہ کر کر داخل دفتر کر دیا کہ فوٹو اسٹیٹ پر مقدمہ نہیں چلا سکتے۔ مسٹر ٹین پرسنٹ سے مسٹر ۹۰ پرسنٹ مشہور ہونے والے اب بھی عدالتوں میں کرپشن کیسز کی پیشیاں بھگت رہے ہیں۔ کراچی کے ترقیاتی فنڈ ایم کیو ایم اور پیپلز پارٹی والے کھا گئے۔ مصیبت کراچی کے عوام بھگت رہے ہیں۔ پیپلز پارٹی نے کراچی کو اس کی ترقی نہیں دیتی کہ اس کو کراچی سے ووٹ نہیں ملتے۔

اسی دور میں جماعت اسلامی نے سپریم کورٹ میں مقدمہ داخل کیا کہ ایم کیو ایم نے پارکوں اور گرین بلیٹ پر ناجائز طریقے قبضے کر کے اپنے سیاسی دفتر بنا لیے ہیں۔ جماعت اسلامی نے سپریم کورٹ میں مقدمہ جیتا۔ پھر بھی چائنا کٹنگ اور ناجائز تعمیرات ختم نہیں کی گئیں۔ کیونکہ وہ حکومت تھے اور دہشت گرد بھی تھے۔ ڈکٹیٹر مشرف کے دور میں وڈرلٹیس ایم کیو ایم کے دفاتر میں ان کی مرضی کے مطابق بنیں۔ جن کی بنیاد پر الیکشن جیتتے رہے۔ جماعت اسلامی نے الیکشن آفس کے سامنے دھرنا دیا۔ اس میں دوسری سیاسی جماعتوں کو بھی شریک کیا۔ سپریم کورٹ میں حد بندیاں اور وڈرلٹیس درست کرنے کے لیے مقدمہ دائر کیا۔ سپریم کورٹ نے نئی حد بندیاں اور وڈرلٹیوں کو فوج کے ذریعے درست کرانا کا آغاز جاری کیا۔ اس پر دہشت گرد ایم کیو ایم نے عمل نہیں ہونے دیا۔ اس وقت کے چیف الیکشن کمشنر نے ایم کیو ایم سے ڈرتے ہوئے بیان جاری کیا تھا۔ چھوڑو بھائی اس قصے کو۔

کراچی کے عوام کو بتانا ہے کہ جماعت اسلامی نے کراچی شہر کے کیا کچھ نہیں کیا۔ کراچی کے ناظم نعمت اللہ خان ایڈووکیٹ نے اتنے ترقیاتی کام کیے کہ ایم کیو ایم کے معتدل لوگ بھی اس کی تعریف کرتے تھے۔ اس سے قبل عبدالستار افغانی نے اپنے دو دفعہ کی نرم میں کراچی کو روشنیوں کا شہر بنایا۔ کراچی میں جماعت اسلامی کی ذیلی تنظیم الخدمت فاؤنڈیشن نے خدمت کی مثالیں قائم کیں۔ اگر اس وقت کراچی میں جماعت اسلامی کے حکومت ہوتی تو فوراً عوام کو ریلیف ملتا۔ اس لیے کہ جماعت اسلامی عوام کے پیسے میں کرپشن نہیں کرتی۔ اب بھی مشکل کی گھڑی میں جماعت اسلامی کے اندر ریلیف کا کام کر رہی ہے۔

کراچی منی پاکستان ہے۔ اس لیے اس مشکل کی اس گھڑی میں ملک کے سارے صوبوں کو کراچی کو فنڈ فراہم کرنے چاہئیں۔ ملک میں جب بھی مشکل وقت آیا ہے کراچی کے عوام اپنے بھائیوں کی مدد پہنچے ہیں۔ لہٰذا سارے ملک کے رضاکاروں کو کراچی کا رخ کے اپنے کراچی کے بھائیوں کی مدد کریں۔ ہم جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمان کی فوج بلائی کی تائید کرتے ہیں۔ جماعت اسلامی کے کارکن ہی آپ کی خدمت کر رہے ہیں۔ اے کراچی والوں جماعت اسلامی کے علاوہ تمھارا کوئی ہمدرد نہیں۔ اللہ کراچی کی پریشانیاں کم کرے آمین۔

کائنات کی بنیاد (آخری قسط)

طارق حسین بٹ شان

خدا کا ہونا ہی تو اسلام ہے۔ یہی توحید ہے اور اسی میں انسانیت کی عظمت مضمر ہے۔ لیکن یہ بھی سچ ہے کہ دنیا کے مختلف مذاہب میں خدا کو ماننے کے اپنے اپنے انداز ہیں۔ ان کا خدا کی ذات پر ایمان تو ضرور ہوتا ہے لیکن یہ ایمان اس ایمان سے مختلف ہوتا ہے جس کا اعلان اللہ تعالیٰ نے اپنی آخری کتاب قرآن حکیم میں کر رکھا ہے۔ کسی سائنسدان نے آسمان پر تاروں کو روشن قندیلوں کی طرح سجا ہوا دیکھا تو بے اختیار پکار اٹھا کہ خدا بڑا حساب دان ہے کیونکہ تاروں کی متوازنیت اس کے حساب دان ہونے کی گواہی دے رہی تھی۔ سائنسدان کی فکری اڑان اور میلان طبع اسے ایک ایسی ہستی کی جانب لے گئی جسے وہ حساب دان کہہ کر پکار اٹھا۔۔

سوال خدا کی ذات کو تسلیم کرنے اور اس کے سامنے ماتھا ٹیکنے کا نہیں ہے، اس پر ایمان لانے اور اسے تسلیم کرنے کا نہیں ہے۔ خدا پر تو سب انسانوں کا ایمان کسی نہ کسی انداز میں موجود ہے اور موجود رہے گا۔ کوئی لاکھ انکار کرتا پھرے لیکن پھر بھی ہر انسان کسی نہ کسی شکل میں خدا کی عظمتوں کا قائل ہوتا ہے اور مشکلات میں صرف اسے ہی پکارتا ہے۔ وہ مورتیوں کی شکل میں ہو، بتوں کی شکل میں ہو، اصنام کی شکل میں ہو، وہ ان کی نظر میں خدا ہی ہوتا ہے۔ وہ مورتی کو مورتی نہیں کہتا اور نہ ہی مورتی سے اپنی آرزوؤں کو پورا کرنے کی مناجاتیں کرتا ہے۔ وہ خدا کو اپنی فہم کے مطابق نام دیتا اور اس کی پرستش کرتا ہے۔ یہ خدا اور بندے کا ذاتی معاملہ ہوتا ہے جس میں وہ مکمل آزاد ہوتا ہے اور جس میں کوئی دوسرا مداخلت نہیں کر سکتا۔ وہ اس عالمی مفروضہ کا کہ (وہ جو نظام ہستی چلا رہا ہے وہی خدا ہے) کا پیروکار ہوتا ہے لیکن اپنی مذہبی سوچ کے مطابق۔ اس مفروضہ پر ہندوؤں، سکھوں، عیسائیوں، یہودیوں، آتش پرستوں، پارسیوں، بہائیوں، بابیوں اور دہریوں کا مکمل اتفاق ہے کہ کوئی اعلیٰ وارفع ہستی ہے جو اس کائنات کو چلا رہی ہے اور وہی خدا ہے۔ انھیں اپنے تراشیدہ خدا کے سامنے سجدہ ریز ہونے میں کوئی پس وپیش نہیں ہوتا کیونکہ وہ اسے ہی حقیقی خدا سمجھ رہے ہوتے ہیں جو کہ بالکل باطل سوچ ہے۔ خدا چھوٹا ہو یا خدا بڑا ہو، خدا بت کی شکل میں ہو، یا خدا مورتی کی شکل میں ہو وہ اسے خدا ہی کے نام سے پکارتے ہیں۔ بھگوان کی مورتیاں بت پرستوں کی توجہ کا اسی لئے مظہر بنتی ہیں کیونکہ ان میں انھیں خدا کی جھلک نظر آتی ہے۔ مسلمانوں کو اس طرح کے خود تراشیدہ خداؤں سے انکار ہے وہ اسے شرک وبت پرستی سے موسوم کرتے ہیں کیونکہ خدائے واحد کی نظر میں شرک ناقابل معافی جرم ہے۔ مسلمان لامکاں میں مسند نشیں خدا کو ہی خدا مانتے ہیں۔

ایک ایسا خدا جو قادر مطلق ہے اور ہر شے جس کے قبضہ قدرت میں ہے۔ بات عرب وعجم کی باہمی چپقلش سے شروع ہوئی تھی لیکن بہت دور نکل گئی۔ سعودی عرب کو اس بات کا خصوصی امتیاز حاصل ہے کہ ان کی سرزمین پر خانہ کعبہ اور مسجد نبوی جیسے مقدس مقامات ہیں۔ ان میں سے ایک خدا کا گھر ہے اور دوسرا اس کے محبوب کا گھر ہے۔ جس محبوب کے ناز مالک کائنات خود اٹھاتا ہو تو ایسے محبوب کی عظمت کا اندازہ لگانا ناممکن ہے۔ محبوب کے گھر سے جس سرزمین کو سرفراز کیا گیا اس سرزمین کے تقدس میں کوئی سوال باقی نہیں رہتا۔ اکثر عاشق اسے کعبہ کا کعبہ کہہ کر پکارنے میں فخر محسوس کرتے ہیں جس سے محبوب خدا کے گھر کا تقدس زمان ومکاں کی حد بندیوں سے ماوراء ہو جاتا ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ رب کعبہ کے محبوب پر ایمان ہی وہ واحد بنیاد ہے جس پر اس کائنات کی تخلیق کی بنیاد رکھی گئی ہے۔ وہ نہ ہوتے تو پھر یہ کائنات بھی نہ ہوتی۔ محبوب خدا ہی درحقیقت وجہ تخلیق کائنات ہیں لہٰذا جب تک ان کی ذات پر ایمان نہیں لایا جاتا اس کائنات کی تخلیق کی غرض وغائت تکمیل پذیر نہیں ہو سکتی۔

پتھر شجر تو پہلے بھی خدا کی تسبیح کرتے تھے، اس کی حمد وثنا کرتے تھے، اس کے سامنے جھکتے تھے، سجدہ ریز ہوتے تھے لہٰذا کچھ بھی نہ ہوتا تو پھر بھی یہ کائنات اپنے خالق کے نام کی مالا جپتی۔ لیکن خدائے واحد نے اپنا جلوہ جس ذات کے آئینہ میں کیا تھا اسی ذات پر ایمان لانے کو ایمان کامل قرار دے دیا۔ سرکار مدینہ پر ایمان کے بغیر کسی قسم کا ایمان بارگاہ خداوندی میں پرکاہ سے زیادہ اہمیت نہیں رکھتا۔ ختم نبوت پر ایمان کو اسی لئے لازمی قرار دیا گیا کیونکہ نور کا چشمہ وہی سے پھوٹتا ہے۔ حضور کی ذات پر ایمان لایا جائیگا تو پھر اس کائنات کی تخلیق کی غرض وغائیت اپنی تکمیل کو چھوئے گی وگرنہ انسان اپنے ہی پیدا کردہ اندھیروں میں ناک ٹوئیاں مارتا رہے گا اور سکون قلب کی اس دولت سے محروم ہو جائیگا جس کا وعدہ خالق کائنات نے اس کے ساتھ کر رکھا ہے۔ بے شک انسان گھاٹے میں ہے لیکن اسے اس کا شعور نہیں ہے۔۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

ONLINE



واقعہ کربلا اور حسین

مستند تاریخی روایات کے مطابق رجب 60ھ/ 680ء میں یزید نے اسلامی اقدار اور دین کی روح کے منافی ظلم وجبر اور استبداد پر مبنی اپنی حکومت کا اعلان کیا۔ بالجبر عام مسلمانوں کو بیعت اور اطاعت پر مجبور کیا گیا۔ مدینہ منورہ میں ایک مختصر حکم نامہ ارسال کیا گیا، جس میں تحریر تھا: "حسین" عبداللہ بن عمر" اور عبداللہ بن زبیر" کو بیعت اور اطاعت پر مجبور کیا جائے" اس معاملے میں پوری سختی سے کام لیا جائے

شال بقیہ 1

وائرس سے محفوظ ماحول میں یوم عاشور عقیدت و احترام کے ساتھ، فرقہ واریت اور تعصب کو بالائے طاق رکھتے ہوئے منائیں گے اور امن و امان کو بھی یقینی بنائیں گے۔ ہفتہ کو صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے یوم عاشور محرم الحرام 1442ھ کے موقع پر قوم کے نام اپنے پیغام میں کہا کہ یوم عاشور یعنی دس محرم الحرام کو اللہ تعالیٰ نے روز اول سے ہی خاص شرف بخشا ہے۔ اس دن تاریخ انسانیت کے بہت سے اہم واقعات رونما ہوئے ہیں، جیسا کہ حضرت آدمؑ کی توبہ قبول ہوئی، جناب نوحؑ کی کشتی سلامتی سے جودی پہاڑ پر اتری، حضرت سیدنا ابراہیمؑ پر نار نمرود گلزار ہوئی اور دوسرے خلیفہ حضرت عمرؓ بھی یکم محرم الحرام کو شہادت کے درجہ پر فائز ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ حضور نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے نواسہ جناب امام عالی مقام حضرت امام حسینؓ نے اپنے اہل بیت اطہار اور رفقائے کار کے ساتھ میدان کربلا میں یوم عاشور کو شہادت پا کر تاریخ اسلام میں اس دن کو قیامت تک کیلئے خاص بنا دیا۔ اس دن نواسہ رسول خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی شہادت کا عظیم واقعہ ہر سال مسلمانوں کو اس بات کی یاد دلاتا ہے کہ ظالم اور باطل قوتوں کا مقابلہ کرنے کے لئے وقت آنے پر جان کا نذرانہ پیش کرنے سے بھی دریغ نہیں کرنا چاہیے۔ صدر مملکت نے کہا کہ شہادت امام حسینؓ درحقیقت حق کی فتح، ظالم و جابر کے سامنے ڈٹ جانے اور ایثار و قربانی کا استعارہ ہے۔

شال بقیہ 2

منصوبوں کی منظوری کے فورمز کے اجلاس باقاعدگی کے ساتھ منعقد کرتے ہوئے اس سال ستمبر کے اواخر تک نئے منصوبوں کی ابتداء کا رواں مکمل کرنے اور اکتوبر سے باقاعدہ طور پر کام کے آغاز کی ہدایت کی اجلاس کے دوران ڈائریکٹر جنرل پی پی ڈی اے بابر خان نے رواں مالی سال میں اتھارٹی کے تحت لیئے منصوبوں کی پیش رفت اور دیگر تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ صوبے کی طویل ساحلی پٹی پر پہلی مرتبہ سیاحتی سرگرمیوں کے فروغ کے کے لیئے ترقیاتی منصوبے بنائے جا رہے ہیں جنکی تکمیل سے صوبے کے ساحلی مقامات مقامی اور غیر ملکی سیاحوں کی توجہ حاصل کر سکیں گے ان منصوبوں میں کوسٹل لائن کی ماسٹر پلاننگ، ایکو ٹورازم کا فروغ، فش لینڈنگ جیٹیز کی تعمیر، بیچ اینڈ سپورٹس سرگرمیوں کا آغاز، ساحلی شاہراہ پر ریسٹ ایریاز کا قیام، پلانٹیشن، مختلف مقامات پر بیچ پارکس اور ریزائس کا قیام شامل ہے ان منصوبوں کے لیئے خطیر فنڈز مختص ہیں انہوں نے بتایا کہ یہ تمام منصوبے اہم اور منفرد نوعیت کے ہیں جن کے لیئے بین الاقوامی کنسلٹنٹس کی خدمات حاصل کی گئی ہیں اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں سیاحتی سرگرمیوں کے آغاز سے بین الاقوامی سطح پر صوبے کا سوشو اکنامک تاثر ابھر کر سامنے آئے گا۔

شال بقیہ 3

ہزار 284 اموات ہوئی ہیں۔ ملک بھر میں کورونا ایکٹیو کیسز کی تعداد 8 ہزار 748 ہے اور 2 لاکھ 80 ہزار 340 کورونا متاثرین صحتیاب ہو چکے ہیں۔ کورونا وائرس کے باعث پنجاب میں 2 ہزار 195 اور سندھ میں 2 ہزار 395 اموات ہوئی ہیں۔ خیبر پختونخوا ایک ہزار 250، اسلام آباد 175، بلوچستان 141، گلگت بلتستان 67 اور آزاد کشمیر میں کورونا سے اموات کی تعداد 61 ہے۔ سندھ میں ایک لاکھ 29 ہزار 179 اور پنجاب میں کورونا کے 96 ہزار 699 کیسز رپورٹ ہوئے۔ خیبر پختونخوا 35 ہزار 971، بلوچستان 12 ہزار 804، اسلام آباد 15 ہزار 597، آزاد کشمیر 2 ہزار 290 اور گلگت بلتستان میں کورونا کے 2 ہزار 832 کیسز رپورٹ ہوئے۔ ملک میں اب تک کورونا کے 25 لاکھ 81 ہزار 695 ٹیسٹ ہو چکے ہیں۔ این سی او سی کے مطابق ہسپتالوں میں 114 مریض وینٹی لیٹر پر ہیں اور ہسپتالوں میں کورونا وینٹی لیٹرز کی تعداد 1920 ہے۔ 735 ہسپتالوں میں کورونا مریضوں کیلئے سہولیات ہیں اور اس وقت ایک ہزار 76 مریض ہسپتالوں میں داخل ہیں۔ ملک میں 132 ٹیسٹنگ لیبارٹریز کام کر رہی ہیں اور متعدد شہروں میں ٹریس، ٹیسٹ اور قرنطینہ حکمت عملی موثر طریقے سے کام رہی ہے۔ حکومت کے مطابق پاکستان میں کورونا وائرس کے کیسز کا گراف مسلسل نیچے آ رہا ہے تاہم خطرہ ابھی ٹلا نہیں ہے۔ پاکستان میں کورونا سے اتوار مارچ کو پہلی موت رپورٹ ہوئی تھی۔ ملک میں کورونا جب عروج پر پہنچا تو بیس جون کو سب سے زیادہ ایک سو ترپن اموات رپورٹ ہوئیں تاہم اب کورونا کا گراف تیزی سے نیچے آ رہا ہے۔ یاد رہے کہ پاکستان میں کورونا کا پہلا کیس 26 فروری کو رجسٹرڈ ہوا اور ایک ہزار اموات 21 مئی تک ہوئیں۔ وزارت صحت کا کہنا ہے کہ کیسز میں اضافے کی رفتار کافی سست ہو چکی ہے تاہم پھر بھی احتیاط کی ضرورت ہے۔

شال بقیہ 4

اختتام پذیر ہوں گے جس کے بعد شام غریباں برپا کی جائیں گی مختلف مذہبی جماعتوں کی جانب سے بھی سیمینارز اور دیگر تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا جس میں شہدائے کربلا کی عظیم قربانی کو موضوع بنایا جائے گا، وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی طرف سے سیکورٹی کیلئے فول پروف انتظامات کیے گئے ہیں۔ ماتمی جلوسوں کے روٹس پر نو محرم الحرام کی طرح آج یوم عاشور پر بھی ڈبل سواری پر پابندی ہوگی جبکہ روٹس اور اطراف میں موبائل فون اور انٹرنیٹ سروس معطل رکھی جائے گی۔ ملک بھر میں امن و امان کو یقینی بنانے کی غرض سے پولیس کے ساتھ پاک فوج، رینجرز اور ایف سی کے دستے بھی حفاظتی ڈیوٹیوں پر تعینات ہیں۔ دس محرم الحرام کو مرکزی جلوسوں میں شامل ہونے والے مختلف مقامات پر جامع تلاشی کے بعد شامل ہو سکیں گے اس کے لئے واک تھرو گیٹس بھی نصب کیے گئے ہیں جبکہ جلوسوں کے شرکاء میں رضا کار بھی حفاظتی ڈیوٹیوں پر تعینات ہوں گے۔ جلوس کے راستوں میں بغیر اجازت پانی اور دودھ کی سبیلیں لگانے اور نیاز تقسیم کرنے کی اجازت نہیں اور اس سلسلہ میں منتظمین کو ذمہ داری سونپی گئی ہے کہ وہ اس پر پابندی کے ذمہ دار ہوں گے کہ کوئی بھی اجنبی شخص اپنے طور پر کھانے پینے کی اشیاء تقسیم نہ کرے۔

شال بقیہ 5

سربلندی ہوئی اور باطل قوتوں کو شکست کا سامنا کرنا پڑا، وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اسلام کی خاطر دی جانے والی یہ عظیم قربانیاں شدت و انتہا پسندی کے خاتمے کیلئے ہمارے لئے مشعل راہ ہیں، ملک و قوم کو دہشت گردی اور شدت پسندانہ سوچ کی صورت میں درپیش چیلنج سے نمٹنے کیلئے ہمیں بھی اپنے اندر جذبہ حسینی پیدا کرنا ہوگا۔ وزیر اعلیٰ نے اپنے پیغام میں اتحاد بین المسلمین کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہمیں کفری قوتوں سے مقابلے کیلئے اپنی صفوں میں مکمل اتحاد برقرار رکھنا ہوگا، اس حوالے سے تمام مکاتب فکر کے علماء کرام کو بنیادی کردار ادا کرتے ہوئے معاشرے کی صحیح سمت میں رہنمائی کرنا ہوگی، وزیر اعلیٰ نے کورنا وائرس کی موجودہ صورتحال کے حوالے سے کہا ہے کہ وائرس کے پھیلاؤ پر قابو پانے کے باوجود خطرہ ابھی تک موجود ہے اس وقت ہمیں احتیاطی تدابیر پر عملدرآمد جاری رکھنے کی ضرورت ہے خاص طور پر عاشورہ محرم کے جلوسوں میں شرکاء زیادہ محتاط رہتے ہوئے ماسک کا استعمال ضرور کریں جلوسوں کے منتظمین اور عزاءدار حضرات اس حوالے سے شرکاء کی رہنمائی کریں وزیر اعلیٰ نے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں سیدھے رستے پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہمارے سینے ایمان کی روشنی سے منور کر دے۔

شال بقیہ 6

اور اسلام کی ترقی کیلئے کام کریں گے اور اپنی صفوں میں مکمل اتحاد، اتفاق اور یگانگت قائم رکھیں گے۔ گورنر بلوچستان نے تمام مسلمانوں پر زور دیا کہ وہ عاشورہ کے موقع پر شہادت حسینؓ کی یاد منائیں اور مکمل امن و امان اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو برقرار رکھتے ہوئے یکجہتی کا مظاہرہ کریں اور ایسے عناصر سے ہوشیار رہیں جو ان کے درمیان غلط فہمیاں پیدا کر کے اور منافرت پھیلا کر ہمارے باہمی اتحاد کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں۔

شال بقیہ 7

کی استعداد کو بہتر بناتا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان صوبے کے نوجوانوں کو جدید تعلیم کی فراہمی کیلئے جدید سہولتوں کی فراہمی کیلئے اقدامات کر رہے ہیں صوبائی حکومت صوبے کے ذہین طلباء و طالبات کی بھرپور حوصلہ افزائی کر رہی ان خیالات کا اظہار انہوں نے پارٹی کے مرکزی دفتر میں وزیر اعلیٰ بلوچستان کی جانب سے بلوچستان عوامی پارٹی سٹوڈنٹ فیڈریشن کے طلباء میں لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب میں پارٹی کے مرکزی و صوبائی عہدیداروں، خواتین ونگ، نوجوانوں اور طلباء نے کثیر تعداد میں شرکت کی تقریب سے پارٹی کے خاتون رکن صوبائی اسمبلی چیئرمین کیو ڈی اے محترمہ بشریٰ رند و زیر اعلیٰ کے کوارڈینیٹر میر عبدالرؤف رند رکن صوبائی اسمبلی دینش کمار، بی اے پی سٹوڈنٹ فیڈریشن کے صدر رحمت اللہ خان کاکڑ، سردار داؤد خان کھرل نے بھی خطاب کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ نوجوان ملک کا قیمتی سرمایہ ہیں ان کا مستقبل محفوظ بنائیں گے۔ روزگار کی فراہمی کے لئے جامع منصوبہ بندی کر لی گئی ہے۔

شال بقیہ 8

بربادی، بے روزگاری اور مہنگائی کے سوا کچھ نہیں دیا ہے، موجودہ نااہل حکومت کے خلاف تمام اپوزیشن کا ایک پلیٹ فارم پر متحد ہونا ملک و قوم کے مفاد میں ہے اگر عمران نیازی کی حکومت مزید رہی تو دنیا کے نقشے پر پاکستان کمزور اور ناکام ریاست کے طور پر ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے بیان میں کیا۔ صوبائی امیر رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالواسع نے کہا کہ موجودہ دور حکومت میں جتنی اذیت، ذلت اور رسوائی پاکستانی عوام کو دی گئی ہے اس سے پہلے کبھی نہیں دیکھی حکمرانوں نے الیکشن سے قبل عوام کو سبز باغ دکھائے اور دعوؤں کے دو پل باندھے جو ان کے بس کی بات نہیں عوام کو پچھلے دو سالوں میں مہنگائی، بے روزگاری کے سوا کچھ نہیں ملا 100 دن کے منصوبے سال کے منصوبوں میں تبدیل جبکہ 2 سال کا عرصہ گزر جانے کو ہے حکمرانوں کے کئے گئے وعدے آج بھی ادھورے خواب بن کر رہ گئے ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان کی معیشت تباہ کر کے رکھ دی گئی ملک کو بدنامی اور رسوائی کے علاوہ کچھ نہیں دیا گیا، موجودہ نااہل حکومت کے خلاف تمام اپوزیشن کا ایک پلیٹ فارم پر متحد ہونا ملک و قوم کے مفاد میں ہے اگر عمران نیازی کی حکومت مزید رہی تو دنیا کے نقشے پر پاکستان کمزور اور ناکام ریاست کے طور پر ہوگا جس کیلئے مملکت پاکستان کو بچانے کیلئے کوئی تگی حکومت کا پورے ستر گول کرنا وقت کا تقاضا ہے۔

شال بقیہ 9

اہمیت کا حامل ہے، وفاقی اور سندھ حکومت مل کر بحرانی کیفیت میں بہتری لا سکتے ہیں۔ ہفتہ کو اپنے بیان میں صدر مملکت رڈاکٹر عارف علوی نے وزیر اعظم عمران کی جانب سے کراچی کے مسائل کے حل کیلئے بیان پر کہا کہ وفاقی اور سندھ کی صوبائی حکومت کے درمیان اشتراک کار کا فیصلہ مثبت پیش رفت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس فیصلہ سے مون سون کی وجہ سے کراچی کے موجودہ بحران کے حل میں مدد ملے گی بلکہ اس سے مستقبل کی منصوبہ بندی میں بھی مدد ملے گی۔ صدر مملکت نے کہا کہ اس مثبت پیش رفت اور وفاقی و صوبائی حکومتوں کے درمیان باہمی تعاون سے موجودہ شدید ترین بحران پر قابو پانے میں مدد ملے گی بلکہ مستقبل میں نکاسی آب کے نالوں، سیوریج ٹریٹمنٹ، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ، صاف پانی فراہمی اور ٹرانسپورٹ سمیت دیگر سہولیات کی فراہمی کیلئے مشترکہ فیصلے کئے جا سکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی اور دیگر سندھ کو بھی اکیلا نہیں چھوڑیں گے۔

شال بقیہ 10

حل کریں گے۔ ہفتہ کو ٹوئٹر پر اپنے بیان میں وزیر اعظم عمران خان نے کہا کہ بارش سے کراچی کے عوام کی تکالیف کا پوری قوم کو احساس ہے، مشکل گھڑی میں مثبت پیش رفت سامنے آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاق اور صوبائی حکومت کراچی کے تین بڑے مسائل کے حل پر کام کرے گی، شہر میں نالوں کی صفائی کے ساتھ تجاوزات کو مکمل ہٹایا جا رہا ہے، کچرے اور سیوریج کے مسائل کا مستقل حل نکالا جا رہا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ کراچی میں نالوں کی صفائی اور نکاس آب کے مسئلے کا مستقل حل نکالیں گے، کراچی کے عوام کو پینے کے پانی کی فراہمی کا مسئلہ بھی حل کریں گے۔

شال بقیہ 11

سلیم باجوہ سی پیک منصوبے کی تکمیل میں شاندار کارکردگی دکھا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کچھ ملک دشمن ان کے خلاف پروپیگنڈا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں تاہم ان کے پروپیگنڈا سے لیفٹیننٹ جنرل (ر) عاصم سلیم باجوہ کو کوئی فرق نہیں پڑے گا اور وہ ملک کی خدمت کرتے رہیں گے۔

شال بقیہ 12

حکومت 15 روزہ قیمتوں کا تعین کرے گی جو پاکستان اسٹیٹ آئل (پی ایس او) کی درآمدی لاگت کی موجودہ ماہانہ حساب کے بجائے پلاٹ کے آئل گرام میں شائع ہونے والی قیمتوں کے مطابق ہوگی۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ نظر ثانی شدہ فارمولا بائی اسپیڈ ڈیزل (ایچ ایس ڈی) اور پیٹرول دونوں پر فی لیٹر 30 روپے اضافی پیٹرولیم لیوی پر ہو سکتی ہے جبکہ موجودہ قیمت 73.25 روپے اور 70.27 روپے فی لیٹر ہے۔ شرح تبادلہ میں اضافے اور قیمتوں کا تعین کرنے کے نئے طریقہ کار کے اضافے کے ساتھ اوگرا نے یکم 15 ستمبر کے دوران پیٹرول اور ایچ ایس ڈی کی قیمتوں میں 8 سے 9 روپے فی لیٹر اضافے کا تخمینہ لگایا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ دکام ملک میں سیلاب کی صورتحال کو دیکھتے ہوئے پیٹرولیم لیوی کی شرح میں اضافے پر اب بھی تقسیم ہیں لیکن تیل کی صنعت کو ہونے والے نقصانات سے بچنے کے لیے فی لیٹر کم از کم 4 سے 5 روپے تک اضافہ کرنا ناگزیر ہے۔ پالیسی فیصلے سے ہٹ کر پیٹرولیم قیمتوں کو ڈی پولیٹیسائز کرنے اور اوگرا کے ذریعے قیمتوں کے حساب سے حتمی قیمتیں ہونے کی اجازت دینے کے بھی دلائل تھے۔ ذرائع نے بتایا کہ اس معاملے پر کسی بھی حتمی اعلان سے قبل یہ معاملہ وزیر اعظم کے پاس اٹھایا جائے گا۔ اعداد و شمار کے مطابق ایچ ایس ڈی کی سابق ڈپو کی قیمت فی لیٹر 106 روپے 46 پیسے کے بجائے 115 روپے فی لیٹر کا اندازہ لگایا گیا جس میں 5.8 روپے یا 8 فیصد کا اضافہ دکھایا گیا۔ علاوہ ازیں پیٹرول کے سابق ڈپو قیمت کا تخمینہ 103 روپے 97 پیسے کے بجائے 112 روپے 50 پیسے فی لیٹر لگائی گئی یعنی 5.8 روپے یا 8 فیصد اضافہ۔ حکومت اب پیٹرول اور ہائی اسپیڈ ڈیزل پر تقریباً 42 روپے فی لیٹر ٹیکس وصول کر رہی ہے۔ حکومت نے پہلے ہی تمام پیٹرولیم مصنوعات پر عام سیلز ٹیکس (جی ایس ٹی) میں اضافی محصولات پیدا کرنے کے لیے پورے بورڈ پر 17 فیصد تک اضافہ کر دیا ہے۔

شال بقیہ 13

کہ حسینیت کا فلسفہ انسان کو خوف سے آزادی دلاتا ہے اور مقبوضہ کشمیر کے عوام اسی فلسفے پر عمل کر کے جدوجہد آزادی جاری رکھے ہوئے ہیں، وادی میں آج عزاداری اور محرم کے جلوسوں پر پابندی ہے، وہاں مذہبی آزادی پر بھی قدغن ہے اور عیدی نماز کی بھی اجازت نہیں دی گئی تھی، انسانی حقوق کے علمبرداروں کو مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم کا نوٹس لینا ہوگا۔ شاہ محمود نے کہا کہ ماہرین کے خدشے کے مطابق آج ملک میں کورونا متاثرین کی تعداد 20 لاکھ ہونی چاہیے تھی تاہم اللہ کا کرم ہوا اور آج پاکستان میں 91 فیصد وینٹی لیٹرز خالی ہیں، اسپتالوں میں خصوصی وارڈز پر دباؤ نہیں۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ ماہرین کورونا وائرس کنٹرول کرنے پر پاکستان کی کیس اسٹڈی کرنا چاہتے ہیں، کورونا کا خطرہ ابھی ٹلا نہیں ہمیں احتیاط کرنا ہوگی، خدشہ ہے کہ سردیوں میں کورونا کی دوسری لہر آسکتی ہے اس لیے احتیاط کرنا چاہیے۔ کراچی کا ذکر کرتے ہوئے شاہ محمود قریشی کا کہنا تھا کہ کراچی کے لیے دعا کریں، آج کراچی والے مشکلات سے دوچار ہیں، وہاں سیوریج، نکاسی اور پانی کا کوئی انتظام نہیں کیا گیا، کراچی میں انتظامیہ نے اپنی تجوریاں بھریں، شہر کو اس کے حال پر چھوڑ دیا، کراچی میں کسی قسم کی کوئی منصوبہ بندی نہیں کی گئی۔

شال بقیہ 14

کی۔ حضرت امام حسینؓ کی عظیم قربانیوں سے ہمیں زندگی کے ہر شعبے میں رہنمائی ملتی ہے اور اگر نواسہ رسول کی جدوجہد کے ان پہلوؤں کو پیش نظر رکھ کر اپنے راستے کا تعین کیا جائے تو معاشرے کو جن مسائل کا سامنا ہے ان پر آسانی سے قابو پایا جا سکتا ہے۔ اپنے بیان میں واقعہ کربلا ہمیں اہم ترین سبق دیتا ہے کہ معاشرے اور ریاست کے معاملات چند افراد یا کسی گروہ کی خواہشات کے تابع نہیں کیے جا سکتے کیونکہ ان امور کا براہ راست تعلق شرف انسانی، آزادی اور فلاح انسانیت کے عظیم مقاصد میں سے ہے جنہیں مذہب اسلام کے رہنما اصولوں کے تحت مشاورت اور اجتماعیت کے ذریعے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

شال بقیہ 15

ناعاقبت اندیش عناصر کو اس کام کیلئے خرید رکھا ہے۔ وہ ہفتہ کو عشرہ محرم الحرام کے حوالے سے جامعہ مظفع العلوم میں گفتگو کر رہے تھے۔ اس موقع پر بے یو آئی پنجاب کے رہنماء اور رائیٹر حافظ ابوبکر، صوبہ سندھ کے رہنما مولانا عارف الحسینی، کشمور کے امیر اور سیکرٹری جنرل، کوئٹہ کے رہنماء مولانا محمد طاہر توحیدی، حافظ منیر احمد ایڈوکیٹ، حافظ زبیر احمد، ظفر حسین بلوچ، حافظ رشید احمد، شبیر احمد، حافظ عبدالرزاق و دیگر موجود تھے۔ حافظ حسین احمد کا کہنا تھا کہ خاتم النبیینؐ کے اہل بیت، خلفاء راشدین، اصحاب کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے مناقب اور مناصب کا احترام تکمیل ایمان کا لازمی جزء ہے اس ضمن میں یہ احتیاط اور خیال رکھا جائے کہ دونوں میں سے کسی ایک کی تعریف و توصیف سے دوسرے کی توہین و تنقید کا کوئی شائبہ بھی آشکارا نہ ہو۔

شال بقیہ 16

میں بیان شہادت کے جذبے کا ایک بہترین نمونہ ہے جسے قیامت تک یاد رکھا جائے گا۔ سپیکر نے کہا کہ واقع کربلا ہمیں حضرت امام حسینؓ اور ان کی ساتھیوں کی ان عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جو انہوں نے حق اور سچ کی خاطر دیں۔ انہوں نے کہا کہ حضرت امام حسینؓ اور ان کے ساتھی قرآنی تعلیمات، برداشت، قربانی اور جذبہ شہادت کی ایک لازوال مثال ہیں۔ سپیکر نے کہا کہ بحیثیت مسلمان یہ ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے کہ ہم ان طاغوتی قوتوں کے سامنے ڈٹ کر کھڑے ہو جائیں جو اپنے مذموم مقاصد کے حصول کے لیے معاشرے میں انتشار پھیلا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہدائے کربلا کو خراج عقیدت پیش کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ ہم انسانیت کی بھلائی اور عملی تعمیر و ترقی کے لیے خود کو وقف کر دیں۔

شال بقیہ 17

امداد کا اعلان کریں۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے وزیر اعلیٰ سندھ اور صوبائی وزراء سے ٹیلیفونک رابطے کے دوران کراچی سمیت سندھ بھر میں حالیہ بارشوں اور امدادی کاموں سے متعلق تبادلہ خیال کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ، وزیر بلدیات ناصر شاہ اور پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے وزیر شبیر بھارانی نے پارٹی چیئرمین کو بریفنگ دی۔ شبیر بھارانی نے بلاول بھٹو زرداری کو بتایا کہ صوبے کے مختلف حصوں میں آبپاشی کے پانی کا بہاؤ زیادہ ہونے کی وجہ سے نکاسی آب کی رفتار سست رہی، محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ بارش کے پانی کے اخراج کے لیے تمام دستیاب وسائل کو استعمال کر رہا ہے، اس بات کا خیال رکھا جا رہا ہے کہ بارش کے پانی کے اخراج کے دوران شہروں کی پشتوں کو نقصان نہ پہنچے۔ ناصر حسین شاہ نے اپنی بریفنگ میں بلاول بھٹو زرداری کو کراچی، حیدرآباد، لاڑکانہ، سکھر اور میرپورخاص کے ان علاقوں کے متعلق آگاہ کیا جہاں سے پانی نکال دیا گیا ہے، انہوں نے کہا کہ صوبے میں ہر جگہ نکاسی آب کا کام تیزی سے جاری ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے طوفانی بارشوں کے دوران بہتر کوآرڈینیشن کے ذریعے اقدام اٹھانے پر ارکان سندھ کابینہ کو سراہا اور ہدایت کی کہ صوبے کے ہر شہر اور گاؤں سے بارش کے پانی کا آخری قطرہ نکالے جانے تک وزرا میدان میں موجود رہیں۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے سندھ سمیت پورے ملک میں انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی اور صوبائی حکومت بارشوں کے دوران اپنے پیاروں کو کھونے والوں اور متاثرین کے لئے معاوضے اور مالی امداد کا اعلان کریں۔

شال بقیہ 18

عقیدت و احترام کے ساتھ منانا چاہئے۔ عاشورہ محرم کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں انہوں نے کہا کہ ہم صحابہ کرامؓ اور اہل بیتؓ کے ماننے والے ہیں ان کی عظمت و توقیر ہمارا ایمان ہے۔ حضرت امام حسینؓ اور اہل بیتؓ کی قربانیاں تاریخ اسلام کا لازوال حصہ ہیں انہوں نے ہمیں ظلم اور باطل قوتوں کے سامنے ڈٹ جانے کا درس دیا۔ غلام سرور خان نے کہا کہ محرم الحرام ہمیں اسلام کی خاطر دی گئیں قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔ ہمیں حضور اکرم خاتم النبیین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے بتائے ہوئے اصولوں اور ان کی سنت کے مطابق زندگی گزارنے کے لئے کوشش کرنی چاہئے اسی سے دنیا اور آخرت میں ہم سب کی بھلائی ہے۔

شال بقیہ 19

سمیت پارٹی کے اراکین اسمبلی، رہنماؤں اور مختلف مکاتب فکر کے جید علمائے کرام نے شرکت کی۔ مقررین نے فلسفہ شہادت سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر روشنی ڈالی اور کہا کہ حضرت امام حسین جان دے کر سرخرو ہو گئے جبکہ یزید تخت بچا کر بھی قیامت تک کے لئے رسوا ہو گیا۔ احسن اقبال نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حالات کیسے بھی ہوں مگر انسان حق پر ڈٹ جائے اور ظلم کے سامنے استقامت سے کھڑا رہے یہی اسوہ حسینی ہے، اگر یہ تصور پکا ہو جائے کہ ہم نے اپنے ووٹ کی حرمت پر کٹ مرنا ہے تو کبھی امت مسلمہ پر غاصب، ظالم اور بدکردار حکمران مسلط نہیں ہو سکتے، جب امت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کربلا کے میدان میں پیش کی گئی عظیم مثال سے فتح ہے تو امت پر ظالم اور غاصب حکمران مسلط ہوتے ہیں، اگر ہم اسلام کا تحفظ اور امت کی سربلندی چاہتے ہیں۔

شال بقیہ 20

وجہ سے کئی مکانات منہدم، مال مویشی ہلاک ہوئے ہیں لوگ بے سروسامانی کے عالم میں رہنے پر مجبور ہیں، پی ڈی ایم اے سمیت دیگر متعلقہ ادارے فوری طور پر ریلیف اینڈ ریسکیو آپریشن شروع کریں جبکہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں کو آفت زدہ قرار دیا جائے۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کو اپنے ایک بیان میں کہی، جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ پکی، نصیر آباد، جھل مگسی، جعفر آباد، سبی سمیت دیگر علاقوں میں حالیہ بارشوں اور سیلاب سے ہونے والی تباہ کاریاں افسوسناک ہیں حکومت متاثرین کے ریلیف اور بحالی کے لیے فوری اقدامات اٹھائے انہوں نے کہا کہ یکے بعد دیگرے بارشوں و سیلاب سے مقامی آبادی کی ایک بڑی تعداد متاثر ہوئی ہے اور متاثرین کی اکثریت بے یارومددگار کھلے آسمان تلے بیٹھی ہے ایسی تشویشناک صورتحال میں متاثرہ علاقوں فوری اور ہنگامی بنیادوں پر ریلیف سرگرمیوں کی اشد ضرورت ہے جبکہ بعد از ریلیف متاثرین کی بحالی کے لیے پائیدار حکمت عملی کے تحت اقدامات کی ضرورت ہے۔

شال بقیہ 21

کرتے ہوئے بھارتی ساختہ اسلحہ برآمد کر لیا ہے جو ضلع میں دہشت گردی کیلئے استعمال ہونا تھے اسسٹنٹ کمشنر کوہلو عبدالستار مینگل اور رسالدار میجر لیویز شیر محمد مری نے گزشتہ روز لیویز لائن میں پریس کانفرنس کے دوران صحافیوں کو بتایا کہ اسلحہ حساس ادارے کی اطلاع پر کارروائی کے دوران تخریب کاروں کے ٹھکانے سے برآمد کر لیا گیا ہے جو صوبے میں دہشت گردی کے لئے استعمال ہونا تھے اسلحہ میں اینٹی ٹینک بم 12 عدد، ایل ایم جی روسی 1 عدد، ایل ایم جی کارتوس 17500، 82 راؤنڈ کے گولے 48 شامل ہیں حساس ادارے کی بروقت اطلاع اور لیویز فورس کی کارروائی نے صوبے اور ضلع کو بڑی تباہی سے بچا لیا ہے لیویز فورس کی امن و امان کیلئے دی جانے والی قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دینگے سیکورٹی فورسز، لیویز اور حساس اداروں نے اسلحہ برآمدگی ہنفرور ملزمان کی گرفتاری سمیت ضلع میں نمایاں کارروائیاں کی ہیں جس کی وجہ سے آج امن و امان کی فضاء برقرار ہے کسی کو ضلع کی امن و امان خراب کرنے کی اجازت نہیں دے گے دہشت گردوں کے خلاف لیویز کی کارروائیاں جاری رہے گی۔

شال بقیہ 22

مطابق ہفتہ کو ڈی آئی خان قومی شاہراہ مانی خواہ ضلع شیرانی کے قریب ٹرک الٹنے سے ایک شخص جاں بحق جبکہ ایک زخمی ہو گیا لیویز نے لاش اور زخمی کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا جہاں ضروری کاروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 23

تفصیلات کے مطابق لورالائی کے علاقے کوٹی مہا چریکپ سے پولیس نے ایک خاتون کی لاش قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچا کر ضروری کاروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی ورثاء کے بتایا خاتون نے نامعلوم وجوہات کی بنا پر خودکشی کر لی جبکہ دوسرے واقعہ میں لورالائی میں کوئٹہ روڈ پر دو موٹر سائیکل آپس میں ٹکرانے کے نتیجے میں دو افراد عطا گل اور آزاد خان زخمی ہو گئے پولیس نے زخمیوں کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 24

سروس ہفتے کے روز بند رہی، محکمہ داخلہ بلوچستان کے مطابق 9 محرم الحرام جلوس کے آج صبح 9 بجے سے رات 8 بجے تک موبائل فون سروس معطل رہی، جبکہ یوم عاشورہ کے موقع پر بھی موبائل فون سروس اور انٹرنیٹ سروس بند رہیگی۔

شال بقیہ 25

کیلئے ایکسپو سینٹر میں ریلیف کیمپ قائم کر دیا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق شہری انتظامیہ کی مدد کیلئے پاک فوج نے ایکسپو سینٹر میں ریلیف کیمپ قائم کیا ہے۔ ریلیف کیمپ 3 ہالز اور 600 بستروں پر مشتمل ہے، کیمپ میں آنے والے افراد کو طبی امداد اور خوراک فراہم کی جائے گی۔

شال بقیہ 26

سے صرف 2 اضلاع تک محدود کر دیا گیا ہے۔ ترجمان کے مطابق وزات تحفظ قومی خوراک، ضلعی زرعی ادارے اور پاک فوج نے مل کر ایک جامع سروے اور کنٹرول آپریشن کیا۔ ٹڈی دل کے خلاف یہ آپریشن مختلف اضلاع پر محیط تھا۔ ترجمان کے مطابق خیبر پختونخوا اور پنجاب میں ٹڈی دل کی موجودگی کی کوئی اطلاع نہیں تاہم بلوچستان اور سندھ کے ایک ایک ضلع میں ٹڈی دل موجود ہے جس کے تدارک کیلئے کارروائیاں جاری ہیں۔

شال بقیہ 27

بجائے اس کا شربت بنا کر علاقہ مکینوں کو پلا دیا جس کے باعث 43 افراد کی حالت خراب ہوگئی۔ کراچی کے علاقے گاڑی کھاتا سائیکل مارکیٹ میں دودھ فروش نے خراب دودھ کا شربت بنا کر بانٹ دیا جسے پی کر بچوں اور بڑوں کی حالت خراب ہوگئی جس کے باعث انہیں فوری طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کیا گیا جن میں 28 بچے اور 15 بڑے افراد شامل ہیں۔ شربت پینے والوں کی حالت غیر ہونے پر علاقہ مکینوں نے دودھ فروش کی دکان

یوم عاشورہ کے جلوس کیلئے سیکیورٹی انتظامات شروع کر دیئے گئے، عبدالرزاق چیمہ

پولیس اور لیویز کے 5 ہزار اہلکار جبکہ ایف سی کے 2 ہزار سے زائد اہلکاروں کے علاوہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار سیکورٹی پر تعینات ہیں

دہشتگردی اور کسی بھی قسم کے ناخوشگوار واقع سے نمٹنے کے لیے فول پروف سیکورٹی مہیا کی جائے گی' ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس

کوئٹہ (آن لائن) ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس کوئٹہ عبدالرزاق چیمہ نے کہا ہے کہ یوم عاشورہ کے جلوس کیلئے سیکورٹی کے انتہائی سخت اقدامات کئے گئے ہیں، پولیس اور لیویز کے 5 ہزار اہلکار جبکہ ایف سی کے 2 ہزار سے زائد اہلکاروں کے علاوہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار سیکورٹی پر تعینات ہیں اس کے علاوہ پاک فوج کی 3 بٹالین بھی اسٹینڈ بائے پر ہیں، یوم عاشورہ کے جلوس کی روٹ میں آنے والی دکانوں، مارکیٹوں، بیلازوں، ہوٹلوں کو سیل کیا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ڈپٹی کمشنر کوئٹہ اور تگریب بادینی، ایف سی حکام کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ عبدالرزاق چیمہ نے کہا کہ یوم عاشورہ کے جلوس بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

کوہلو اے سی عبدالستار مینگل اور سالدار میجر شیر محمد مری پریس کانفرنس کر رہے ہیں

جلوس کے روٹس کو عام پبلک کے استعمال کیلئے بند ہوگا' مراد خان کاسی

عزاداروں کے جلوس کے برآمد کے موقع پر ٹریفک، اور انہیں طبی امداد دینے کیلئے ڈاکٹرز، اور ایمبولینس کا عملہ بھی تعینات کیا جائیگا

جلوس کے داخلی اور خارجی راستوں کو سیل کر دیا جائیگا جس کے تمام انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ

بولان (این این آئی) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مراد خان کاسی اور ڈی پی او کوئٹہ بولان سید جاوید اقبال عرشین نے یوم عاشورہ پر اپنے الگ الگ بیان میں کہا ہے کہ حضرت امام حسینؓ نے میدان کربلا میں جام شہادت نوش کر کے اسلام کا سر رہتی دنیا تک بلند کیا امام عالی مقام نے یزید کے سامنے جھکنے سے انکار کر کے پیغام دیا کہ صرف اللہ تعالیٰ کی واحدانیت کے سامنے جھک سکتا ہے کفر کے سامنے نہ جھک کر حضرت امام حسینؓ نے پیغام دیا کہ فتح ہمیشہ حق کی ہوتی ہے باطل چاہے کتنا ہی طاقتور ہو وہ وقت کا فرعون بن سکتا ہے بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

لسبیلہ میں بارش اور سیلاب متاثرین کی مشکلات کو حل کرنے کے لئے فوری اور مثبت اقدامات کئے جائیں' مولانا محمد عمر عادل

اوتھل (نامہ نگار) لسبیلہ میں بارش اور سیلاب متاثرین کی مشکلات کو حل کرنے کے لئے فوری اور مثبت اقدامات کئے جائیں گاؤں دیہات اور دور دراز علاقے شہروں سے کٹ کر رہ گئے ہیں کھانے پینے کی اشیاء ناپید ہو چکی ہیں ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام ضلع لسبیلہ کے نائب امیر مولانا محمد عمر عادل نے کیا انہوں نے کہا کہ ندی نالوں میں آنے بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

پیٹرول کی قیمت میں سات روپے فی لیٹر اضافہ کیا جائے، اوگرا

پیٹرول 7 روپے فی لیٹر اور ڈیزل کی قیمت میں 8 روپے فی لیٹر اضافے کی تجویز دی گئی ہے

مٹی کے تیل اور لائٹ ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے کی تجویز بھی دی ہے، اوگرا نے تجاویز 30 روپے فی لیٹر پیٹرولیم لیوی کی بنیاد پر ارسال کیں

اسلام آباد (این این آئی) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے حکومت کو سفارش کی ہے کہ پٹرول کی قیمت میں سات روپے فی لیٹر اضافہ کیا جائے۔ ذرائع کے مطابق اوگرا نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کی تجاویز پیٹرولیم ڈویژن کو بھجوا دی ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ پیٹرول 7 روپے فی لیٹر اور ڈیزل کی قیمت میں 8 روپے فی لیٹر اضافے کی تجویز دی گئی ہے، اس کے علاوہ اوگرا نے مٹی کے تیل اور لائٹ ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

نصیر آباد کمشنر عابد سلیم قریشی جعفر آباد میں سم شاخ پر جاری بچاؤ بند کر کام کا جائزہ لے رہے ہیں

میر میر حسن خان کھوسہ رحم دل، ہمدرد غریبوں کے لئے درد دل رکھنے والے باخلاق شخصیت کے مالک ہیں

چھتر (نامہ نگار) میر میر حسن خان کھوسہ رحم دل ہمدرد غریبوں کے لئے درد دل رکھنے والے باخلاق شخصیت کے مالک ہیں حالیہ مون سون کی بارشوں نے تحصیل چھتر کے علاقے میر حسن خان کھوسہ میں تباہی مچادی ہر طرف پانی ہی پانی بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

کسٹم آفیسر میر مقبول احمد جان تھندرانی کا نیشنل پارٹی کے قائد میر حاصل بزنجو کی وفات پر ٹال جا کر تعزیت کا اظہار

خضدار (این این آئی) کسٹم آفیسر میر مقبول احمد جان تھندرانی نے نیشنل پارٹی کے قائد میر حاصل بزنجو کی وفات پر ٹال جا کر تعزیت کا اظہار کیا، ان کے دیگر رفقاء ریاض احمد تھندرانی، شیخ تھندرانی سمیع رؤف بلوچ، میر محمد ہاشم، شہباز خان تھندرانی بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں نویں محرم الحرام کا جلوس روایتی راستوں سے ہوتا ہوا امام بارگاہ ناصر العزاء پر اختتام پذیر جبکہ مچھ سے ہزاروں افراد پر مشتمل جلوس ہزارہ ٹاؤن کوئٹہ پہنچ گیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں نویں محرم الحرام کا جلوس روایتی راستوں سے ہوتا ہوا امام بارگاہ ناصر العزاء پر اختتام پذیر جبکہ مچھ سے ہزاروں افراد پر مشتمل جلوس ہزارہ ٹاؤن کوئٹہ پہنچ گیا تفصیلات کے مطابق ہفتہ کو نویں محرم الحرام کا جلوس روایتی راستوں سے ہوتا ہوا امام بارگاہ ناصر العزاء پر اختتام پذیر ہوا جلوس کی سیکورٹی کیلئے سخت انتظامات کئے گئے تھے جلوس کے روٹ پر دکانیں اور کاروباری مراکز بند اور روٹ کو عام آمد و رفت کیلئے بند کر دیا گیا تھا محکمہ داخلہ بلوچستان کی درخواست پر کوئٹہ میں موبائل بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

فضائی سفر کے دوران کووڈ 19 پھیلنے کا امکان ہوتا ہے، تحقیق

مزید احتیاط سے طیارے میں سفر کے دوران کووڈ 19 کی منتقلی کا امکان مزید کم کیا جا سکتا ہے، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) کورونا وائرس کے بغیر علامات والے مریض فضائی سفر کے دوران دیگر افراد میں کووڈ 19 کو منتقل کر سکتے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کیک مطابق یہ بات امریکا کے سینٹرز فار ڈیزیز کنٹرول اینڈ پریوینشن (سی ڈی سی) کی جانب سے شائع تحقیق میں بتائی گئی، جنوبی کوریا کے طبی ماہرین نے اس تحقیق کے لئے کام کیا اور اس کے لیے مارچ کے آخر میں اٹلی کے شہر میلان سے سیول، جنوبی کوریا لوگوں کو واپس لانے والی پرواز کو منتخب کیا گیا، پرواز سے قبل سفر کرنے والے 310 افراد کا معائنہ کیا گیا جن میں سے علامات والے 11 مسافروں کو طیارے پر سوار ہونے کی اجازت نہیں دی گئی، ہر مسافر کو ایک این بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

بیلاروس کے صدر کے نیٹو پر الزامات، پڑوسی ممالک پر پابندیوں کی دھمکی

روس کے خلاف محاذ کھڑا کرنے کے لیے مظاہرین کی مدد کی جا رہی ہے، صدر لوکاشینکو

منسک (این این آئی) بیلاروس کے صدر الیگزینڈر لوکاشینکو نے نیٹو اتحاد پر ان کے خلاف مظاہرین کو بھڑکانے کا الزام عائد کرتے ہوئے یورپی یونین کے اراکین و پڑوسی ممالک لتھوانیا اور پولینڈ کو جوابی پابندیوں کی دھمکی دے دی۔ عرب ٹی وی کے مطابق لوکاشینکو نے نیٹو پر الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ روس کے خلاف محاذ کھڑا کرنے کے لیے مظاہرین کی مدد کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ میری حکومت کو ختم کر کے ایک ایسے آدمی کو رکھنا چاہتے ہیں جو دوسرے ممالک سے تعاون کے لیے فوج بھیجنے کا مطالبہ کرے۔ لتھوانیا نے لوکاشینکو کے سب سے بڑے مخالف سوبھانا تیکھانوسکایا بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

کوہلو ماوند کے علاقے تخی نالہ میں لیویز فورس کی کارروائی میں تخریب کاروں کے ٹھکانے سے برآمد ہونیوالا اسلحہ

سی پی پریس کلب کے فنانس سیکریٹری نوجوان صحافی کی والدہ کی وفات پر دکھ کا اظہار، شبیر احمد صدیقی

سبی (رپورٹ رئیس علی ہاشمی) سبی وطلیر سوسائٹی سبی کے چیئرمین شبیر احمد صدیقی سرپرست اعلیٰ چوہدری انوار الحق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ آف پاکستان محمد قاسم راجپوت، زبیر عباسی، ظہیر احمد بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

نواسہ رسول حضرت امام حسینؓ نے دین اسلام کی سربلندی کیلئے لازوال اور بے مثال قربانی پیش کی جو ہمیشہ یاد رکھی جائے گی، محمود خان

واقعہ ہمیں اپنے مشن سے محبت، ایثار، قربانی، حق کی حمایت، باطل کی مخالفت اور ظلم کے خلاف ڈٹ جانے کا درس دیتا ہے، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ محمود خان نے کہا ہے کہ واقعہ کربلا حق و باطل کے درمیان ایک عظیم معرکہ تھا جس میں نواسہ رسول حضرت امام حسینؓ نے دین اسلام کی سربلندی کیلئے لازوال اور بے مثال قربانی پیش کی جو ہمیشہ یاد رکھی جائے گی۔ کربلا کا واقعہ ہمیں اپنے مشن سے محبت، ایثار بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

پاک فوج سے اپیل ہے مشکل حالات میں عوام کی مدد کرنے خود نکلیں میدان میں نکلیں، سردار یعقوب خان ناصر

حکومت اس سنگین صورتحال میں بھی سیاست کر رہی ہے کراچی سمندر کا منظر اور غرق ہونے جا رہا ہے

حکومت کے جانب سے ریلیف اور بحالی کے کام نہ ہونے کے برابر ہیں' سینیٹر

لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ ن کے مرکزی سینئر نائب صدر سینیٹ کے سینڈنگ کمیٹی بین الصوبائی رابطہ کے چیئرمین سینیٹر سردار محمد یعقوب خان ناصر نے کہا ہے کہ پورے ملک میں حالیہ بارشوں سے افراد ہلاک ہوئے جس میں بلوچستان کے بیس افراد بھی شامل ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت کے جانب سے ریلیف اور بحالی کے کام نہ ہونے کے برابر ہیں حکومت اس سنگین صورتحال میں بھی سیاست کر رہی ہے کراچی سمندر کا منظر اور غرق ہونے بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

کوارڈینیٹر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالرؤف رند اور بی اے پی کے ایڈیشنل جنرل سیکرٹری سید حسنین ہاشمی بات چیت کر رہے ہیں

معروف مقامی گلوکار شفاء اللہ روکھڑی دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے

شفاء اللہ روکھڑی نے کالا جوڑا پاسا ساری فرمائش نغمے سے شہرت حاصل کی، چند سال پولیس میں کانسٹیبل کے طور پر خدمات بھی دیں

اسلام آباد لمیانوالی (این این آئی) معروف مقامی گلوکار شفاء اللہ روکھڑی دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے۔ وہ اسلام آباد اپنی رہائش گاہ پر ناشتہ کر رہے تھے کہ انہیں دل کی تکلیف ہوئی، ہسپتال لے جایا گیا مگر جانبر نہ ہو سکے۔ شفاء اللہ خان روکھڑی کا تعلق ضلع میانوالی کے نواحی قصبہ روکھڑی سے تھا، خوش شکل اور خوش لباس، شفاء اللہ خان روکھڑی سریلی اور طلسماتی آواز کے مالک تھے، شفاء اللہ روکھڑی نے بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

معرکہ کربلا جبر کے سامنے ڈٹ جانے اور دین اسلام کی بقا و سربلندی کیلئے پرعزم کھڑے رہنے کا درس دیتا ہے، شاہ فرمان

یوم عاشورہ ہمیں یاد دلاتا ہے کہ دین حق کیلئے قربانی کا جذبہ اللہ اور نبی کریمؐ کی تعلیمات کے مطابق زندگی بسر کرنی چاہئے، گورنر خیبر پختونخوا

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا شاہ فرمان نے کہا ہے کہ معرکہ کربلا یوم عاشور ظلم و جبر کے سامنے ڈٹ جانے اور خارجی قوت اور نتائج کی پرواہ کے بغیر دین اسلام کی بقا و سربلندی کیلئے پرعزم کھڑے رہنے کا درس دیتا ہے۔ کربلا میں مظالم کی انتہا کر دی گئی لیکن یہ مظالم حضرت امام حسین علیہ اسلام اور انکے خاندان کو اپنے نیک مقصد اور عزم سے ایک قدم بھی پیچھے نہیں ہٹا سکے۔ یوم عاشورہ 10 محرم الحرام بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

حکومت عوام کو درپیش مسائل ان کے دہلیز پر حل کرنے کی بھرپور کوشش کر رہی ہے، کامران بنگش

ہر ریجن پر خصوصی سیل قائم کئے ہیں تاکہ عوام اپنی شکایات و تجاویز گھر سے براہ راست متعلقہ حکام کو پہنچا سکیں، معاون خصوصی

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے معاون خصوصی برائے اطلاعات و بلدیات کامران بنگش نے کہا ہے کہ موجودہ صوبائی حکومت ہر ممکن کوشش کر رہی ہے کہ عوام کو درپیش مسائل ان کی دہلیز پر حل کر لیے جائیں، اسی سلسلے میں اسی گورننس سمیت کئی آپشن کے حوالے سے ٹھوس اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔ شکایات چاہے پولیس خدمات کے حوالے سے ہوں یا میونسپل انتظامیہ سے متعلق، صوبائی حکومت نے ہر ریجن پر خصوصی سیل قائم کئے ہیں۔

امام حسینؓ کی عظیم قربانی سے ہمیں بہت کچھ سیکھنے کو ملتا ہے، گورنر سندھ

یہ دن تمام عالم اسلام کے لئے بہت بڑا درس لے کر آتا ہے، عمران اسماعیل کا یوم عاشور پر پیغام

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ عمران اسماعیل نے کہا ہے کہ اس محرم الحرام کے دن ہمیں اسلام کے لئے قربانی دینے کا سبق ملتا ہے اور امام حسینؓ کی اس عظیم قربانی سے ہمیں بہت کچھ سیکھنے کو ملتا ہے۔ عاشورہ کے موقع پر اپنے پیغام میں گورنر سندھ نے کہا کہ یہ دن تمام عالم اسلام کے لئے بہت بڑا درس لے کر آتا ہے، کربلا کے میدان میں امام حسینؓ نے راہ حق اور اسلام کی سربلندی کے لئے جو قربانی دی وہ ہمیشہ ہمارے دلوں میں زندہ رہے گی۔

وزیر اعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری زاہد سلیم کو سیکرٹری آئی ٹی اینڈ سائنس یاور حسین سم ایم کمپلیٹ مینجمنٹ سسٹم کے بارے میں بریفنگ دے رہے ہیں

ملک کے دیگر صوبوں میں ویکسینیٹر 9 گریڈ میں ہیں، بلوچستان میں گریڈ 5 میں کام کر رہے ہیں، لالہ سلطان کاکڑ

بلوچستان میں لوگ خانہ جنگی کیلئے کام کر رہے ہیں، بلوچستان کے خلاف قانون سازی کی جائے، ہمیں گورنر کو صوبہ بنوانا ہے، ایم پی اے آئی پی اے کا بلوچستان

ژوب مراد جمالی (این این آئی) ای پی آئی ایمپلائز اتحاد بلوچستان کے قائد و چیئرمین لالہ سلطان کاکڑ، ای پی آئی ایمپلائز نصیر آباد کے صدر ثناء اللہ بلوچ، ظریف خان، یاسر سرور باجوی، محبوب کرمی، حاجی اللہ داد خان، مبارک علی، نصیر خان، فدا حسین، محمد شریف بھنگر، برکت علی، عمران بھنگر، محمد بھنگر، فیض رسول، محمد فرید، نور خان خان، امان اللہ مگسی، رخسار کھوسہ سمیت دیگر نے کہا ہے کہ جناب سمیت خیبر پختونخوا میں بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کا شہر میں بارش کے پانی کی نکاسی میں رکاوٹ بننے والی عمارتیں گرانے کا حکم

ہمیں شہر کو ٹھیک کرنا ہے، اس کے لیے چاہے کتنے ہی سخت اقدامات کیوں نہ کرنے پڑیں، وزیر اعلیٰ سندھ

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے شہر میں بارش کے پانی کی نکاسی میں رکاوٹ بننے والی عمارتیں گرانے کا حکم دے دیا۔ ہفتہ کو کراچی میں وزیر اعلیٰ مراد علی شاہ کی سربراہی میں اعلیٰ سطح کا اجلاس ہوا جس میں صوبے میں حالیہ بارشوں سے پیدا ہونے والی صورت حال اور امدادی کاموں کے حوالے سے غور کیا گیا۔ کراچی کی صورت حال کے حوالے سے دی گئی بریفنگ پر وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ ضلع جنوبی کے بیشتر علاقوں سے پانی اب تک کیوں نہیں نکالا گیا؟ کے ایم سی کا ارین ڈرینیج ریسپانس یونٹ بھی متحرک نظر نہیں آیا، بارش کے بعد بیشتر علاقوں میں ابھی تک بجلی بحال نہیں ہوئی، مجھے تمام گلیاں صاف چاہئیں، لوگ کہتے ہیں کہ حکومت نظر نہیں آتی، حکومت کے لوگ کام کر رہے ہیں لیکن سول ڈریس کی وجہ سے بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں 9 محرم الحرام عقیدت سے یکجہتی کا دن منایا گیا

کوئٹہ میں نویں محرم الحرام کا شبیہ و ذوالجناح کا ماتمی جلوس میگا ٹی روڈ امام بارگاہ ناصر العزا سے برآمد ہوا

شہر کے مختلف امام بارگاہوں میں شہدائے کربلا کی یاد میں مجالس اور جلوس منعقد کئے گئے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں 9 محرم الحرام عقیدت کے ساتھ منایا گیا جبکہ شہر کے مختلف امام بارگاہوں میں شہدائے کربلا کی یاد میں مجالس اور جلوس منعقد کئے گئے، کوئٹہ میں نویں محرم الحرام کا شبیہ و ذوالجناح کا ماتمی جلوس میگا ٹی روڈ امام بارگاہ ناصر العزا سے برآمد ہوا جو اپنے مقررہ راستوں سے ہوتا ہوا امام بارگاہ ناصر العزا پر پہنچ کر اختتام پذیر ہو گیا، صوبائی دارالحکومت کوئٹہ اور مچھ میں سیکورٹی خدشات کے پیش نظر موبائل فون سروس معطل رہی جبکہ اس موقع پر سیکورٹی کے انتہائی سخت انتظامات کئے گئے تھے۔ تفصیلات کے مطابق صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں نویں محرم الحرام کا شبیہ بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

نصیر آباد کمشنر عابد سلیم قریشی رنج کینال میں پڑنے والے شگاف کو پر کرنے کے کام کا معائنہ کر رہے ہیں

اور کزئی میں پولیس نے کارروائی کر کے کار سے اسلحہ اور بارود برآمد کر لیا، اسمگلر بھی گرفتار

اور کزئی (این این آئی) اور کزئی میں پولیس نے کارروائی کر کے کار سے اسلحہ اور بارود برآمد کر لیا ہے۔ لوئر اور کزئی کے علاقہ چھپری فیروز میں پولیس نے کارروائی کر کے کار کے خفیہ خانوں سے 1700 کارتوس اور 3 پیکٹ بارود برآمد کر لیا ہے۔ ڈی ایس پی لوئر اور کزئی محبوب خان کے بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

نویں محرم الحرام کے جلوسوں، مجالس کے موقع پر 08 ہزار سے زائد پولیس افسران اور اہلکاروں نے فرائض سرانجام دیئے

لاہور (این این آئی) نویں محرم الحرام کے جلوسوں اور مجالس کے موقع پر صوبائی دارالحکومت میں 08 ہزار سے زائد پولیس افسران اور اہلکاروں نے فرائض سرانجام دیئے۔ ڈی آئی جی آپریشنز اشفاق خان کے مطابق سیکورٹی کے لئے بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

کراچی کی درجنوں آبادیوں کی بجلی 36 سے 48 گھنٹے ہوئے بحال نہیں ہو سکی

دوہرے عذاب کے اس مسئلے کو کے الیکٹرک کی انتظامیہ نے ان علاقوں میں کھڑے برساتی پانی کی نکاسی سے مشروط کر دیا

کراچی (این این آئی) کراچی کے پوش علاقے کلفٹن اور ڈیفنس سمیت کراچی کی درجنوں آبادیوں کی بجلی 36 سے 48 گھنٹے ہوئے بحال نہیں ہو سکی ہے۔ شہریوں کے لیے دوہرے عذاب کے اس مسئلے کو کے الیکٹرک کی انتظامیہ نے ان علاقوں میں کھڑے برساتی پانی کی نکاسی سے مشروط کر دیا ہے۔ اس صورت حال کے خلاف شہریوں کا اشتعال بڑھتا جا رہا ہے اور مختلف آبادیوں میں کے الیکٹرک کی گاڑیوں اور عملے کی پکڑ دھکڑ اور ان سے زبردستی کام کروانے کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے۔

پاک فوج کے جوانوں نے شہریوں کو ڈوبنے سے بچایا، حنید لاکھانی

مسائل کو حل کرنے کے لیئے وزیر اعظم جلد کراچی آئیں گے، سربراہ بیت المال سندھ

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما و سربراہ بیت المال سندھ حنید لاکھانی نے کہا ہے کہ صوبہ سندھ میں بارشوں سے پیدا ہونے والی صورتحال نہایت تشویشناک ہے، سندھ کے مختلف شہروں اور گوٹھوں میں لوگ بے سروسامانی کے عالم میں امداد کے منتظر ہیں، محکمہ موسمیات کی پیشن گوئی کے مطابق مون سون کا نیا سسٹم سندھ میں داخل ہونے والا ہے اور اگر یہ سسٹم بھی گزشتہ سسٹم کی طرح بارشیں برساتا ہے۔

محرم الحرام میں سیکیورٹی خدشات کے پیش نظر چمن میں پاک افغان سرحد کو دو دن کیلئے بند کر دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) محرم الحرام میں سیکیورٹی خدشات کے پیش نظر چمن میں پاک افغان سرحد کو دو دن کیلئے بند کر دیا گیا ہے۔ سیکیورٹی حکام کے مطابق بلوچستان میں نویں اور دسویں محرم الحرام میں سیکیورٹی انتظامات کے سلسلے میں چمن کے ساتھ پاک افغان بارڈر باب دوستی کو 2 روز کے لیے بند کر دیا گیا۔

بارش سے سخت اذیت میں مبتلا کراچی کے شہریوں کیلئے نئی مشکل

دھابیجی پمپنگ اسٹیشن پر بجلی بریک ڈاؤن کے باعث ایک مرتبہ پھر پائپ لائن پھٹ گئی

کراچی (این این آئی) دھابیجی پمپنگ اسٹیشن پر بجلی بریک ڈاؤن کے باعث ایک مرتبہ پھر پائپ لائن پھٹ گئی جس سے شہر کو ایک کروڑ 80 لاکھ گیلن پانی کی فراہمی معطل ہو گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے شہریوں کو جہاں بارش نے سخت اذیت میں مبتلا کر دیا ہے تو وہیں وہ اب تحت آب کا بھی شکار ہو گئے ہیں۔ دھابیجی پمپنگ اسٹیشن پر ایک مرتبہ پھر بجلی کے بریک ڈاؤن کے باعث پائپ لائن دوبارہ پھٹ گئی جس کے نتیجے میں کراچی کو یومیہ ایک کروڑ 80 لاکھ گیلن پانی کی فراہمی معطل ہو گئی ہے۔

میئر کراچی نے غلط کاموں کے لئے افسران کی تضحیک کی، آفیسرز ایکشن کمیٹی

کراچی (این این آئی) آفیسرز ایکشن کمیٹی کی چیئرپرسن نبیلہ غانم نے کہا ہے کہ میئر کراچی نے غلط کاموں کے لئے افسران کی تضحیک کی۔ حکومت سندھ آخری ہفتے میں میئر کے بدنیتی پر مبنی تمام فیصلے اور تبادلے منسوخ کرے۔ ایماندار میونسپل کمشنر ڈاکٹر سیف الرحمان بھی کردار ادا کریں۔ نبیلہ غانم نے مزید کہا کہ پروجیکٹ ڈائریکٹر اور جی کو غلامی زمینوں کو کمرشل کرنے کے منظور نظر افراد کے نام کرنے کے میئر کے دباؤ کی مذمت کرتے ہیں۔ نیب سے سزا یافتہ افسر کی بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

ہر نائی میں حالیہ بارشوں و سیلاب سے شدید نقصان پہنچا ہے، لیلیٰ ترین

سب سے زیادہ متاثر سب تحصیل کھوسٹ ہوا ہے جہاں پر عوام کے مکانات منہدم ہو چکے

وزیر اعلیٰ، صوبائی وزیر پی ڈی ایم اے سے متاثرین کی بحالی کیلئے فوری اقدامات کرنے کا مطالبہ

ہرنائی (این این آئی) پی اے پی کے خاتون رکن صوبائی اسمبلی محترمہ لیلیٰ ترین نے کہا کہ ملک بھر کی طرح ضلع ہرنائی میں بھی بارشوں اور سیلاب سے بہت بڑے پیمانے پر عوام کے مالی نقصانات ہوئے ہیں ندی نالوں میں سیلابی ریلے آنے زرعی زمینیں، گھروں میں داخل ہونے کی وجہ سے ضلع ہرنائی خصوصاً سب تحصیل کھوسٹ میں بڑے پیمانے پر نقصانات ہوئے ہے انہوں نے کہا کہ عوامی نقصانات بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

نصیر آباد ڈپٹی کمشنر جمل مگسی ڈاکٹر شرتیل نور گندا اور میں مرکزی امام بارگاہ میں سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

بابر اعظم کو انگلینڈ میں سرسیت کی جانب سے ٹی ٹوئنٹی بلاسٹ میں شرکت کی اجازت مل گئی، 2 ستمبر کو کاؤنٹی جوائن کرینگے

لاہور (این این آئی) بابر اعظم کو انگلینڈ میں سرسیت کی جانب سے ٹی ٹوئنٹی بلاسٹ میں شرکت کی اجازت مل گئی۔ قومی ٹی ٹوئنٹی کپتان انگلینڈ کے خلاف سیریز ختم ہونے کے بعد 2 ستمبر کو سرسیت کاؤنٹی کو جوائن کرلیں گے، گزشتہ برس بھی بابر اعظم سرسیت کی جانب سے 578 رنز بنا کر ٹاپ سکورر رہے بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

فیصل آباد میں ایک ہی دن میں 2 مبینہ پولیس مقابلے، دو ڈاکو ہلاک، دو زخمی

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد میں ایک ہی دن میں 2 مبینہ پولیس مقابلے ہوئے جس کے نتیجے میں دو ڈاکو ہلاک اور دو زخمی ہو گئے۔ چک نمبر 6 میں ہونے والے مقابلے میں 2 ڈاکو ہلاک ہو گئے، جڑانوالہ میں پولیس مقابلے میں 2 ڈاکو زخمی بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں یوم عاشور عقیدت و احترام سے منایا جائیگا، صدر بلوچستان شیعہ کانفرنس داؤد آغا

جلوس کی حفاظت کیلئے پانچ ہزار سے زائد پولیس اور دو ہزار ایف سی اہلکار تعینات ہونگے

کوئٹہ، اوستہ محمد، گنداخہ سمیت دیگر علاقوں میں موبائل فون سروس بھی معطل رہے گی، اے آئی جی عبدالرزاق چیمہ سمیت دیگر

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں یوم عاشور عقیدت و احترام سے منایا جائیگا کوئٹہ میں 23 ماتمی دستوں پر مشتمل مرکزی جلوس علمدار سے برآمد ہو کر مغرب سے پہلے اختتام پذیر ہوگا، یوم عاشور کے جلوس کی سیکورٹی کیلئے کوئٹہ میں انتظامات مکمل تین کلومیٹر سے زائد جلوس کی حفاظت کیلئے پانچ ہزار سے زائد پولیس اور دو ہزار ایف سی اہلکار تعینات ہونگے جبکہ کوئٹہ، اوستہ محمد، گنداخہ سمیت دیگر علاقوں میں موبائل فون سروس بھی معطل رہے گی۔ بلوچستان شیعہ کانفرنس کے صدر سید داؤد آغا نے این این آئی کو بتایا بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر